گلِ رعنا

مرتبہ

مالک رام

علمی مجلس
دِلّی

گلِ رعنا

سلسلۂ مطبوعات علمی مجلس، دلی: ۲۳

گلِ رعنا

غالب کے اُردو اور فارسی کلام کا اولین انتخاب

مرتبہ

مالک رام

علمی مجلس، دِلّی

۱۹۷۰ء

گُلِ رعنا از اسداللہ خان غالب

مرتب : مالک رام

مطبع : لکشمی پرنٹنگ ورکس، دلّی ۶

تاریخ اشاعت : مئی ۱۹۷۰ء

ناشر : علمی مجلس، چھتہ نواب صاحب، فراشخانہ، دلّی ۶،

قیمت : سات روپے پچاس پیسے

جناب سید نقی بلگرامی

کی

نذر

مقدّمہ

غالب کی زندگی کا سب سے لمبا سفر کلکتے کا ہے، جب وہ اپنی پنشن کا مقدمہ گورنر جنرل باجلاسِ کونسل کے سامنے پیش کرنے کو گئے ہیں۔ وہ نومبر یا دسمبر ۱۸۲۶ء میں دلّی سے روانہ ہوئے اور مختلف شہروں کی سیر کرتے، اور وہاں کے اکابر و عمائد، شعرا و ادبا سے ملتے، ۲۱ر فروری ۱۸۲۸ء کو کلکتے پہنچے۔ یہاں وہ کم و بیش ڈیڑھ برس تک مقیم رہے، اور جب دیکھا کہ کلکتے میں ان کا مزید قیام مقدّمے کے سلسلے میں چنداں مفید ثابت نہیں ہو سکتا، تو انھوں نے ستمبر ۱۸۲۹ء میں دلّی کے لیے رختِ سفر باندھا۔ واپسی میں وہ رستے میں کسی جگہ زیادہ دِن نہیں ٹھہرے؛ گویا سیدھے آئے۔ وہ ۲۹ نومبر ۱۸۲۹ء کو دلّی وارد ہوئے تھے۔[۲]

کلکتہ اس زمانے میں، انگریزی حکومت کا مرکز ہونے کے باعث، سیاسی اور تجارتی اور سماجی لحاظ سے مشرق کے بڑے شہروں میں شمار ہونے لگا تھا۔ اس کی علمی حیثیت بھی کسی سے کم نہیں تھی۔ مدرسۂ عالیہ اور فورٹ ولیم کالج ـــ یہاں کے دو تعلیمی ادارے ایسے تھے، جنھوں نے اس ملک میں تعلیم کی اشاعت اور ترویج میں بہت اہم اور دیرپا خدمات سرانجام دی ہیں۔ فورٹ ولیم کالج کے زیرِ اہتمام جو کتابیں دوسری زبانوں سے ترجمہ ہوئیں یا براہِ راست اُردو میں لکھی گئیں، ان کی اہمیت کبھی نظر انداز نہیں کی جا سکتی، حال آنکہ انھیں شائع ہوئے ڈیڑھ صدی سے زیادہ کا زمانہ گذر چکا ہے۔ فورٹ ولیم کالج تو کب کا ختم ہو گیا، لیکن مدرسۂ عالیہ آج بھی موجود ہے، اور علومِ شرقیہ کی تعلیم و تدریس کا اہم مرکز۔

۱۔ ذکرِ غالب : ۰؎ ۲ ایضاً ۴۴

انگریزی حکومت کے اراکین کے قیام اور ان کی مسلسل آمد و رفت کے باعث مغربی تہذیب و تمدن کی داغ بیل بھی کلکتے ہی میں پڑی، جو رفتہ رفتہ بڑھ کر پورے ملک میں نفوذ کرگیا، بلکہ اس نے اسے اپنی لپیٹ میں لے لیا۔

ایسے تہذیبی اور سماجی اور علمی ماحول میں ڈیڑھ سال کا قیام ایسا نہیں تھا جو غالب کے سے ذہین اور اخاذ شخص کو متاثر نہ کرتا۔ وہ زندگی بھر کے لیے انگریزی حکومت اور اس کی اختراعات اور اس کے علوم و فنون کے بیحد گرویدہ ہو گئے، یہاں تک کہ ان کے مقابلے میں انھیں اکبری دور کا نظم و نسق اور اس کی معاشرت بھی، اپنی پوری تابناکی کے باوجود، تقویم پارینہ سے زیادہ نہیں معلوم ہوتا تھا۔

یہیں کلکتے میں انھیں ایرانی تاجروں اور لازماً کچھ ادیبوں سے بھی ملاقات کا موقع ملا، جو ایک طرح سے ترکِ وطن کر کے یہیں کے مستقل باشندے بن چکے تھے۔ ان کی فارسی کی استعداد ملا عبدالصمد کی صحبت کے طفیل، زمانۂ طالبعلمی ہی سے بلند پایہ تھی، اور وہ فارسی کی کلاسیکی شاعری اور زبان کے ماہر اور معتقد تھے۔ قیامِ کلکتہ نے گویا سونے میں سہاگے کا کام دیا۔

یہیں مدرسۂ عالیہ کے ایک مشاعرے میں ان کے بعض شعروں پر مرزا محمد حسن قتیل کی سند سے اعتراض کیا گیا، جس نے انھیں مدت العمر کے لیے نہ صرف قتیل کا، بلکہ ہندستان بھر کے جملہ فارسی کے ادیبوں کا مخالف بنا دیا۔ پس اگر ہم کہیں کہ کلکتے کا سفر غالب کی زندگی میں سنگِ میل اور اہم موڑ کی حیثیت رکھتا ہے، تو اس میں کسی طرح کا مبالغہ نہیں ہوگا۔

کلکتے میں منجملہ اور اصحاب کے ان کی مولوی سراج الدین احمد سے بھی ملاقات ہوئی۔ ان کے نام تعارفی خط انھیں مولوی محمد علی خان صدر امینِ باندہ نے دیا تھا، جنھوں نے اثنائے سفرِ کلکتہ میں قیامِ باندہ کے زمانے میں ان سے بہت لطف و کرم کا اظہار کیا تھا، اور بعد کو بھی ہمیشہ ان کے ہمدرد اور غمگسار رہے۔ "نامہ ہاے فارسی غالب" کے بیشتر خطوط انھیں کے نام ہیں۔

رفتہ رفتہ غالب کے مولوی سراج الدین احمد سے تعلقات میں گہرائی اور گیرائی پیدا ہوگئی۔ غالب نے اپنے ایک مقطعے میں ان کا ذکر کیا ہے:

باسراج الدین احمد چارہ جز تسلیم نیست
ورنہ، غالب! نیست آہنگِ غزلخوانی مرا

پہلے مصرعِ ثانی کی شکل یہ تھی: ورنہ، غالب میگزد ذوقِ غزلخوانی مرا۔ پنج آہنگ (آہنگ پنجم) میں سب سے زیادہ خط انھیں سراج الدین احمد کے نام ہیں۔ ان کے حالات پردۂ خفا میں ہیں؛ اور جو کچھ معلوم ہیں، وہ بھی خود غالب ہی کی تحریروں سے ماخوذ ہیں۔ ان کا کلکتے کے ہفتہ وار فارسی اخبار آیینۂ سکندر سے قریبی تعلق تھا، بلکہ وہ غالباً اس کے مدیر تھے[3]۔ مولوی سراج الدین احمد کا کلکتے کے سرکاری اور غیر سرکاری حلقوں میں بھی اچھا خاصا رسوخ تھا۔ وہ میرزا کے دلی دوست اور رازدان اور پنشن کے مقدمے میں ان کے معاون و معین تھے۔ معلوم ہوتا ہے کہ وہ کسی وجہ سے ۱۸۴۵ء میں جب غالب کا فارسی دیوان زیرِ طبع تھا، اکبرآباد میں مقیم تھے۔ اس زمانے میں غالب کے شاگرد منشی جواہر سنگھ (خلف رائے چھجمل) بھی اپنی ملازمت کے سلسلے میں وہیں تھے۔ غالب نے جواہر سنگھ کو لکھا کہ ان سے ملتے رہو؛ اس سے تمھارے علم میں بھی اضافہ ہوگا اور دنیوی ترقی کے وسائل بھی فراہم ہوں گے[4]۔ اس کے بعد پھر ۱۸۵۹ء کے ایک خط میں ان کا ذکر آیا ہے۔

غالب نے اپنی کتاب دستنبو پہلی مرتبہ ۱۸۵۸ء میں آگرے کے منشی شیو نراین کے مطبع مفید خلائق میں چھپوائی تھی۔ انھوں نے اس کتاب کے نسخے احباب کو بھجوائے تھے۔ ایک خط میں منشی شیو نراین کو لکھتے ہیں[5]:

> دو پارسل الگ الگ لکھنؤ کو ارسال کرو؛ آنے آنے کا ٹکٹ اس پر لگا دو
>
> .... دوسرے پارسل پر یہی عبارت، مگر مکان کا پتا، نام اَور: در لکھنؤ بہ احاطۂ

۳۔ کلیاتِ نثرِ غالب (فارسی): ۶۴ ۴۔ باغِ دودر: ۱۱۳-۱۱۶ (خط ۲۰۱)

۵۔ خطوطِ غالب (مرتبہ مالک رام): ۴۳۳-۴۳۴

خانساماں، متصلِ تکیۂ شیر علی شاہ، بہ مکاناتِ مولوی عبدالکریم مرحوم بخدمت مولوی

سراج الدین احمد صاحب برسد۔

اس سے معلوم ہوا کہ وہ ۱۸۵۹ء کے آغاز میں لکھنؤ میں تھے۔ اس کے بعد ان کا ذکر ایک دوسرے خط میں یوں ملتا ہے۔ منشی غلام غوث خان بیخبر کو لکھتے ہیں[6]:

ستر برس کی عمر ہے۔ بےمبالغہ کہتا ہوں: ستر ہزار آدمی نظر سے گذرے ہونگے زمرۂ خواص میں سے، عوام کا شمار نہیں۔ دو مخلص صادق الولا دیکھے: ایک مولوی سراج الدین رحمۃ اللہ علیہ، دوسرا منشی غلام غوث سلمہ اللہ العلی العظیم۔ لیکن وہ مرحوم حُسنِ صورت نہیں رکھتا تھا، اور خلوصِ اخلاص اوس کا خاص میرے ساتھ تھا.... پہلے دو آدمیوں کو اپنے بعد اپنا ماتمدار سمجھا ہوا تھا۔ ایک کو تو میں رو لیا؛ اب اللہ آمین کا ایک دوست رہ گیا۔

یہ خط قریب بہ یقین ۱۸۶۴ء کا لکھا ہوا ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ سراج الدین احمد اس سے پہلے فوت ہو چکے تھے۔ کتنا پہلے، اس سے متعلق کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ بہرحال اتنا ثابت ہے کہ ۱۸۵۹ء اور ۱۸۶۴ء کے درمیانی زمانے میں ان کا انتقال ہوا۔

غالب کا کلام آئینۂ سکندر میں چھپتا رہا تھا۔ مولوی سراج الدین احمد ان کے درجۂ شاعری کے مخلص معترف تھے۔ غالب دلی سے بھی اپنی نظم و نثر انھیں ہمیشہ بھیجتے رہے[7]۔ ان کے قیامِ کلکتہ کے زمانے میں انھوں نے میرزا سے فرمایش کی کہ میرے لیے اپنے اردو اور فارسی کلام کا ایک انتخاب تیار کر دیجیے۔ اس پر زیرِ نظر مجموعہ **گلِ رعنا** وجود میں آیا۔

بدقسمتی سے یہ انتخاب نظروں سے اوجھل ہو گیا۔ اگر اس کے دیباچے اور خاتمے کی فارسی عبارتیں ان کے کلیاتِ نثر (فارسی) میں شامل نہ ہو گئی ہوتیں، تو کسی کو اس کے عالمِ وجود میں آنے تک کا علم نہ ہوتا۔ حسرت موہانی مرحوم کو اس کے چند اوراق سراج الدین علی خان موجد موہانی

۶۔ عودِ ہندی: ۱۱۳ — ۷۔ کلیاتِ نثرِ فارسی: ۵۷

(ف ۱۲۳۸ھ) کے ورثا سے دستیاب ہوئے تھے۔ انھوں نے جب دیوانِ غالب مرتب کیا اور اس پر تشریحی حواشی قلمبند کیے، تو ان اوراق سے لے کر وہ اشعار بھی شاملِ دیوان کر دیے، جو ہنوز کہیں نہیں چھپے تھے۔ بد قسمتی سے حسرت کی وفات (۱۳ مئی ۱۹۵۱ء) کے بعد ان کے پسماندگان کی غفلت سے ان کا بیش بہا اور نادرِ روزگار کتابخانہ برباد ہو گیا اور اس کے ساتھ یہ چند ورق بھی ضائع ہو گئے اور بالآخریوں وہ نشان بھی مٹ گیا، جو خوشبختی سے دستبردِ زمانہ سے محفوظ رہ گیا تھا۔

صبح تک وہ بھی نہ چھوڑی، تو نے، اے بادِ صبا!
یادگارِ رونقِ محفل تھی پروانے کی خاک

۲

میں اپنی سرکاری ملازمت کے دوران میں چندے مرکزی حکومت کے شعبۂ تجارتِ درآمد و برآمد میں رہا ہوں (۱۹۵۶-۱۹۵۸ء)۔ یہاں میرے افسرِ اعلیٰ جناب سیّد نقی بلگرامی تھے۔ ہم دیر تک ایک دوسرے سے ناآشنا رہے۔ میں ہمیشہ سے عزلت گزیں اور نمود و نمایش سے گریزاں رہا ہوں۔ اس لیے میری طرف سے پہل کا سوال ہی نہیں پیدا ہوتا تھا۔ بارے، خود انھوں نے مجھے ڈھونڈ نکالا؛ اور اس کے بعد جس جس لطف و نوازش سے وہ مجھ سے پیش آئے ہیں، اس کا اب کیا ذکر کروں! اس سے مجھے بارہا افسوس ہوا کہ میں آج تک کیوں ان سے نہیں ملا تھا۔ بہرحال یہ ایک دوسری داستان ہے اور اس کی تفصیل کا یہ مقام نہیں۔

ایک دن انھوں نے فرمایا کہ میں کل حیدر آباد جانے والا ہوں، وہاں کا کوئی کام ہو تو بتائیے۔ میں غالب کے سوائے کسی اور چیز کی فرمایش کیا کرتا! غالب سے متعلق میرا ذخیرہ تقریباً مکمل ہے، لیکن بد قسمتی سے اس میں دیوانِ اردو (طبع اول) کا کوئی نسخہ نہیں ہے۔ میں نے گذارش کی کہ حیدر آباد کے قدیم علمی خاندانوں میں ممکن ہے، کسی جگہ یہ طبعِ اول کا نسخہ

موجود ہو۔ اگر ہو سکے، تو اسے کہیں سے پیدا کیجیے۔ انھوں نے تلاش کا وعدہ فرمایا۔

چند دن بعد وہ دلّی مراجعت فرما ہوئے، تو مجھے بلا بھیجا۔ میں حاضر ہوا۔ بلگرامی صاحب نے مجھے سامنے کی کرسی پر بیٹھنے کی دعوت دی، اور خود بھی بیٹھ گئے۔ ان کے سامنے میز پر اوپر تلے دو کتابیں رکھی تھیں۔ اوپر کی کتاب چھوٹے سائز کی، قدرے ضخیم تھی؛ اس کی جلد چمڑے کی اور مکلف تھی۔ نیچے کی پتلی سی، اَبری اور کپڑے کی معمولی جلد تھی۔ اس کی حالت اتنی خستہ تھی کہ جگہ جگہ سے اَبری اُڑ چکی تھی اور پشتے کا کپڑا بھی پھٹا ہوا تھا۔ میں نے پہنچتے کے ساتھ ہی دونوں کتابوں پر ایک اچٹتی سی نظر ڈالی اور خاموش ہو رہا۔ فرمایا: میں نے وہاں بعض احباب سے آپ کی فرمایش کا ذکر کیا ہے۔ دیکھیے، کیا نتیجہ نکلتا ہے۔ لیکن میں نے خیال کیا کہ خالی ہاتھ واپس کیا آؤں۔ دادا جان مرحوم کا کتب خانہ تو، آپ کو معلوم ہے، ان کی وصیت کے مطابق ہم نے عثمانیہ یونیورسٹی اور آصفیہ لائبریری میں تقسیم کر دیا تھا۔ پھر بھی چند کتابیں اِدھر اُدھر پڑی رہ گئی تھیں۔ انھیں میں سے یہ دو میں آپ کے لیے تحفہ لیتا آیا ہوں۔ (اوپر کی کتاب میری طرف بڑھاتے ہوئے) یہ ان کی ذاتی بیاض ہے؛ خوب خوب شعر ہیں اس میں۔ میں نے کتاب ہاتھ میں لے لی۔ اس میں بیشتر کلام فارسی کے کلاسکی اساتذہ کا تھا۔ اس کتاب کے اُٹھا لینے سے نیچے کی کتاب اب پوری کی پوری نظر آنے لگی تھی۔ میں نے دیکھا کہ اس کے وسط میں سفید کاغذ کی چیپی لگی ہے جس پر لکھا تھا: متفرق کلامِ غالب۔ یہ امرِ واقع ہے کہ اس سے میرے دل میں کوئی کشش نہیں پیدا ہوئی؛ یہی خیال ہوا کہ ان کے دادا جان مرحوم نے غالب کے کلام سے اپنی پسند کے کچھ متفرق اشعار انتخاب کر کے اس میں لکھ لیے ہوں گے۔ میں ابھی بیاض کے ورق الٹ پلٹ رہا تھا کہ کہنے لگے: اس (دوسری کتاب) میں غالب کے شعر بہت غلط لکھے ہیں۔ اس پر میرے کان کھڑے ہو گئے۔ جیسے آنکھوں کے سامنے بجلی کوند جائے؛ اچانک میرے ذہن میں خیال گذرا کہ یہ تو ہو نہیں سکتا کہ ان کے دادا جان نواب عماد الملک مرحوم نے شعر غلط لکھے ہوں۔ کہیں ایسا تو نہیں کہ اس میں غالب کا ابتدائی کلام ہو۔ چنانچہ میں نے جلدی سے بیاض ہاتھ سے رکھ دی اور وہ پتلی کتاب اُٹھالی۔ جونہی میں نے

اسے کھولا اور خصوصاً آغاز و انجام کے صفحے ایک نظر دیکھے، میرا اوپر کا سانس اوپر اور نیچے کا نیچے رہ گیا۔ میں کتاب ہاتھ میں لیے فوراً اُٹھ کھڑا ہوا اور بلگرامی صاحب سے اپنے کمرے میں جانے کی اجازت چاہی۔ انھوں نے جانے کی اجازت تو دے دی، لیکن میری کیفیت دیکھتے ہوئے پوچھا کہ خیر تو ہے، آپ کی طبیعت تو ٹھیک ہے؟ خدا معلوم میں نے کیا جواب دیا، بلکہ حقیقت یہ ہے کہ شاید میں نے ان کی بات بھی پورے طور پر نہیں سنی تھی۔ میں لپک کر کمرے پر آیا اور اپنے چپراسی سے کہا کہ دیکھو، اگر بلگرامی صاحب بلا بھیجیں تو خیر، مجھے اطلاع دے دینا؛ ورنہ کوئی اور صاحب پوچھیں، تو میں موجود نہیں ہوں۔ یہ کہ کر میں نے کمرہ اندر سے بند کر لیا۔ اب میں نے اطمینان اور احتیاط سے یہ پتلی سی کتاب دیکھی اور مجھے یقین ہو گیا کہ یہ گلِ رعنا ہے — غالب کا اولین انتخاب، جو ناپید ہو چکا تھا؛ اس کا وحید قلمی نسخہ میرے ہاتھ میں تھا۔ آپ میری مسرّت کا اندازہ لگا سکتے ہیں۔ مجھے یہ اعتراف کرنے میں کوئی باک نہیں کہ اس رات مجھے ٹھیک سی نیند نہیں آئی۔

یہ ۱۹۵۵ء کی بات ہے۔ میں اس کے چند مہینے بعد اپریل ۱۹۵۸ء میں، اپنی ملازمت کے سلسلے میں، پھر ملک سے باہر چلا گیا۔ روانگی سے قبل میں نے ایک مبسوط مضمون اس کے بہرۂ اُردو سے متعلق 'نذرِ ذاکر' کے لیے تیار کیا، جو زیرِ ترتیب تھی۔ میں بلجیم میں تھا کہ نیاز فتحپوری مرحوم کا خط ملا کہ 'نگار' کا غالب نمبر شائع کرنا چاہتا ہوں، غالب کی فارسی تصنیفات سے متعلق ایک مضمون بھیج دو۔ میں نے تعمیلِ حکم میں تو مضمون لکھا ہی، لیکن از خود ایک اور مضمون گلِ رعنا کے بہرۂ فارسی سے متعلق بھی لکھ کر انھیں بھیج دیا۔ انھوں نے یہ دونوں شاملِ اشاعت کر لیے۔ میں چھ سال بعد ۱۹۶۴ء کے وسط میں وطن واپس آیا۔ یہاں غالب صد سالہ یادگار منانے کی داغ بیل پڑ چکی تھی۔ اب میں نے خیال کیا کہ پوری کتاب کو ٹھیک سے مرتب کر کے شائع کر دینا چاہیے؛ اور اس کے لیے غالب صد سالہ برسی کی یہ تقریب (۱۹۶۹ء) بہت موزوں موقع معلوم ہوا۔ لیکن یادگار کمیٹی کے اربابِ حل و عقد کو بھی میری واپسی کی اطلاع مل گئی اور بتدریج میں ان کے ساتھ اس تقریب کی تیاریوں اور سرگرمیوں میں الجھتا چلا گیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ میں اس موقع پر

گُلِ رعنا شائع نہ کر سکا۔ شکر ہے کہ اب سال بھر بعد یہ خواہش پوری ہو رہی ہے۔

۳

لیکن اس 'جملۂ معترضہ' میں ایک بات رہ گئی۔ بلگرامی صاحب کون ہیں اور یہ خطی نسخہ ان کے پاس کیونکر پہنچا؟ پہلے ان کا شجرۂ نسب[۸] دیکھیے:

مولوی سید کرم حسین بلگرامی (خان بہادر)
(ف ۱۲۵۷ھ)

- سید اعظم الدین حسن (خان بہادر، سی ایس آئی)
- سید زین الدین حسین (خان بہادر)
  - عماد الملک سید حسین بلگرامی (= عباسی بیگم بنت محمد زکی)
    - زین العابدین
    - ہاشم
    - سر عقیل جنگ (سید عقیل بلگرامی) (ف ۱۹۴۵ء)
      - سید نقی بلگرامی (= مریم)
    - مہدی یار جنگ (سید مہدی حسین) (ف ۱۹۴۸ء)
      - مریم (= سید نقی بلگرامی)
      - بتول (= باقر ظہیر بن سر وزیر حسن)
      - زہرا (= علی یاور جنگ)
    - طیبہ
      - خدیو جنگ (کریم خان ایرانی)
        - علی یاور جنگ (= زہرا)
  - بدر الدین حسین (= نجفی بیگم بنت محمد ہادی)
    - خدیجہ (= خلیفہ حامد حسین، پٹیالہ)
  - محمد (لاولد)
  - سید علی بلگرامی (شمس العلما) (ف مئی ۱۹۱۱ء)
  - میجر سید حسن بلگرامی (ف ۱۹۱۵ء)
  - فاطمہ (= شجاعت علی مدراسی)

سید نقی بلگرامی صاحب کی گفتگو میں 'دادا جان مرحوم' سے مراد نواب عماد الملک عماد الدولہ، موتمن جنگ، علی یار خان، سید حسین بلگرامی تھے۔ یہ ۱۶ اکتوبر ۱۸۴۲ء کو صاحب گنج

۸۔ یہ شجرۂ نسب خود میں نے روضۃ الکرام شجرہ سادات بلگرام مصنفہ سید وصی الحسن بلگرامی سے مرتب کیا ہے۔

(ضلع گیا) بہار میں پیدا ہوئے، جہاں ان دنوں ان کے والد ڈپٹی کلکٹر تھے۔ ان کے علم وفضل کا کیا کہنا! وہ عربی، فارسی، انگریزی — سب پر یکساں دسترس رکھتے تھے۔ کیننگ کالج، لکھنؤ میں عربی کے پروفیسر تھے کہ سرسالار جنگ لکھنؤ آئے۔ ان کی مردم شناس نظر ان پر پڑی، تو انھیں حیدرآباد ساتھ بلوا لے گئے اور خورد سال میر محبوب علی خان نظامِ ششم کا اتالیق مقرر کر دیا۔ اس کے بعد یہ ریاست حیدرآباد میں متعدد موقّر عہدوں پر فائز رہے۔ وزیرِ ہند کی کونسل کے رکن مقرر ہو کر لندن گئے لیکن وہاں کی آب وہوا راس نہ آئی اور تین سال بعد ہندستان واپس چلے آئے۔ یہ انگریزی پر ماہرانہ قدرت ہی کا نتیجہ تھا کہ انھوں نے قرآن کا انگریزی ترجمہ شروع کیا۔ لیکن افسوس کہ آنکھوں میں پانی اتر آیا اور بینائی سے معذور ہو گئے اور یہ کام مکمل نہ ہو سکا۔ سترہ پاروں کا ترجمہ، چھپا ہوا، ان کے خاندان میں موجود ہے۔ وفات سے پہلے وصیت کی تھی کہ میرا کتب خانہ آصفیہ لائبریری اور عثمانیہ یونیورسٹی کو دے دیا جائے۔ چنانچہ عربی اور فارسی کی کتابیں آصفیہ کے اور انگریزی کی عثمانیہ یونیورسٹی کے حصے میں آئیں۔ ۳ر جون ۱۹۲۶ء کو حیدرآباد میں انتقال ہوا۔[۹]

نواب عماد الملک کے دادا مولوی سید کرم حسین تھے۔ ان کا خاندان بلگرامی سادات کا ہے۔ وہ جدِّ قبیلہ سید عمر بن بدر الدین بدلے سے آٹھویں پشت میں تھے۔ ان کے والد کا نام سید حسین رضا تھا۔ مولوی کرم حسین کو عربی اور فارسی میں عالمانہ دستگاہ حاصل تھی۔ جس زمانے میں غالب کلکتے گئے ہیں، یہ وہاں شاہِ اودھ کی طرف سے گورنر جنرل کے دربار میں سفیر تھے۔ وہ سرکارِ اودھ کی طرف سے خطاب خان بہادر اور خلعت مع اسپ وفیل و پالکی و نالکی کے اعزاز سے سرفراز ہوئے۔ زمانۂ سفارت میں سترہ سو روپیہ مشاہرہ ملتا تھا۔ مدرسۂ عالیہ کلکتہ سے بھی تعلق تھا اور یہاں وہ غالباً عربی کا درس دیتے تھے۔ قیامِ کلکتہ کے دوران میں انگریزی بھی سیکھ

۹۔ ان کے تفصیلی حالات کے لیے دیکھیے: عمادیہ مرتبہ حکیم شمس اللہ قادری

لی تھی اور کسی قانونی کتاب کا انگریزی سے اُردو میں ترجمہ بھی کیا تھا۔ کہا جاتا ہے کہ اہلِ بلگرام میں یہ پہلے شخص تھے، جنھوں نے انگریزی سیکھی[10]۔

کلکتہ میں کپتان بنسن مولوی کرم حسین کے بڑے مربّی اور خیر خواہ تھے۔ گورنر جنرل کے ہاں بھی ان کا بہت رسوخ تھا۔ ان کا تبادلہ ہوگیا اور وہ ولایت چلے گئے۔ اب سرکارِ اودھ کے مخالفوں کے لیے میدان خالی ہوگیا۔ مسٹر جان لو ریذیڈنٹ مدت سے خار کھائے بیٹھا تھا اور شاہِ اودھ کی حیثیت کم کرنے پر تُلا ہوا تھا۔ بنسن کے جانے کے بعد اس نے گورنر جنرل کے سامنے تجویز پیش کی کہ سفیرِ اودھ کا عہدہ موقوف کر دینا مناسب ہے۔ گورنر جنرل نے اس کی رائے سے اتفاق کیا اور مولوی کرم حسین کی سفارت ختم ہوگئی[11]۔ لیکن یہ اس کے بعد بھی کلکتے ہی میں مقیم رہے۔ وہیں ۱۲۵۰ھ میں انتقال کیا، اور وہیں دفن ہوے[12]۔

سید کرم حسین کا اپنے علم و فضل اور دنیوی وجاہت کے باعث کلکتے کے عمائد میں شمار ہوتا تھا۔ عین ممکن ہے کہ غالب کی ان سے ملاقات مولوی سراج الدین احمد کے ذریعے سے ہوئی ہو۔ نسّاخ کی بھی سید کرم حسین سے ملاقات تھی۔ وہ کہتے ہیں کہ یہ اپنے مکان پر اکثر مشاعرے کرتے رہتے تھے، جن میں مقامی ایرانی حضرات شامل ہوتے تھے۔ ایسے ہی ایک مشاعرے میں غالب نے اپنی وہ غزل سنائی تھی جس کا مطلع ہے:

تا فصلے از حقیقتِ اشیا نوشتہ ایم
آفاق را مرادفِ عنقا نوشتہ ایم

لیکن اگر یہ غزل کلکتے میں کہی گئی تھی، تو تعجب ہے کہ انھوں نے اس کا کوئی شعر گل رعنا میں نہیں لیا۔

۱۰۔ وصی الحسن بلگرامی، روضۃ الکرام شجرہ سادات بلگرام : ۱۵۴

۱۱۔ نجم الغنی، تاریخ اودھ : ۴ : ۳۲۸

۱۲۔ روضۃ الکرام : ۱۵۴

بہر حال یہ واقع ہے کہ رفتہ رفتہ مولوی کرم حسین سے غالب کے تعلقات بہت دوستانہ ہو گئے تھے۔ میرزا حاتم علی بیگ مہر کو ایک خط میں لکھتے ہیں[13]:

> اور وہ جو فعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن ــــــ یہ بحر ہے، اوس میں ایک میرا قطعہ ہے کہ وہ میں نے کلکتہ میں کہا تھا۔ تقریب یہ کہ مولوی کرم حسین صاحب ایک میرے دوست تھے؛ انھوں نے ایک مجلس میں چکنی ڈلی۔ بہت پاکیزہ اور بے ریشہ ۔ اپنے کف دست پر رکھ مجھ سے کہا کہ اس کی کچھ تشبیہات نظم کیجیے۔ میں نے وہاں بیٹھے بیٹھے نو دس شعر کا قطعہ کہہ کر اون کو دیا اور صلے میں وہ ڈلی اون سے لی۔

غالب نے یہ واقعہ اجمالاً بیان کیا ہے؛ اس کی تفصیل مولانا حالی کے وہاں ملتی ہے۔ وہ لکھتے ہیں[14]:

> ۱۲۷۱ھ میں جب کہ نواب ضیاء الدین احمد خاں مرحوم کلکتے گئے ہوئے تھے، مولوی محمد عالم مرحوم نے جو کلکتے کے ایک دیرینہ سال فاضل تھے، نواب صاحب سے بیان کیا کہ جس زمانے میں مرزا صاحب یہاں آئے ہوئے تھے، ایک مجلس میں جہاں مرزا بھی موجود تھے، اور میں بھی حاضر تھا، شعرا کا ذکر ہو رہا تھا۔ اثنائے گفتگو میں ایک صاحب نے فیضی کی بہت تعریف کی۔ مرزا نے کہا: فیضی کو لوگ جیسا سمجھتے ہیں، ویسا نہیں ہے۔ اس پر بات بڑھی۔ اس شخص نے کہا کہ فیضی جب پہلی ہی بار اکبر کے روبرو گیا تھا، اس نے ڈھائی سو شعر کا قصیدہ اسی وقت ارتجالاً کہہ کر پڑھا تھا۔ مرزا بولے: اب بھی اللہ کے بندے ایسے موجود ہیں کہ دو چار سو نہیں، تو دو چار شعر تو ہر موقع پر بداہتہً کہہ سکتے ہیں۔ مخاطب نے جیب سے ایک چکنی ڈلی نکال کر ہتھیلی پر رکھی اور مرزا سے درخواست کی کہ اس ڈلی پر کچھ ارشاد ہو۔ مرزا نے گیارہ شعر کا قطعہ اسی وقت موزوں کر کے پڑھ دیا، جو ان کے دیوانِ ریختہ میں موجود ہے۔

۱۳۔ خطوطِ غالب (مرتبہ مالک رام): ۳۵۸ ۱۴۔ یادگارِ غالب: ۵۱

اس سے کھلا کہ بات اس طرح شروع ہوئی کہ سید کرم حسین بلگرامی نے فیضی کی تعریف کی تھی؛ فیضی سے متعلق غالب نے اس رائے کا بعد کے زمانے میں بھی کئی مرتبہ اظہار کیا۔ یہ حقیقت ہے کہ ہندستانی ادیبوں میں سے وہ امیر خسرو کے سوائے کسی کے بھی غیر مشروط طور پر قائل نہیں تھے؛ اور اس واقعے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کی یہ رائے بہت قدیم سے تھی۔

یہاں جس قطعے کا ذکر ہے، وہ چکنی ڈلی کے عنوان سے دیوان اردو میں شامل ہے۔ غالب نے کہا ہے کہ اس میں نو دس شعر ہیں؛ اور مولوی محمد عالم کے نزدیک ان کی تعداد گیارہ ہے۔ اس وقت اس میں تیرہ شعر ملتے ہیں۔ اس کا پہلا شعر ہے :

ہے جو صاحب کے کفِ دست پہ یہ چکنی ڈلی
زیب دیتا ہے، اسے جس قدر اچھا کہیے

گویا مصرعِ اولیٰ میں 'صاحب' سے مراد سید کرم حسین بلگرامی ہیں۔

غالب نے جب کلکتے میں حامیانِ قتیل کے جواب میں مثنوی بادِ مخالف (جس کا نام اس وقت آشتی نامہ تھا) لکھی ہے، تو منجملہ اور احباب کے اس کی ایک نقل مولوی کرم حسین بلگرامی کے پاس بھی بھیجی تھی [۱۵]

مجھے یقین ہے کہ جب غالب نے گل رعنا مرتب کی ہے، تو مولوی کرم حسین نے انھی ایام میں اس کی نقل حاصل کر لی ہوگی۔ اندرونی شہادت سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ نسخہ انھوں نے خود تیار کروایا تھا؛ غالب نے اسے لکھوا کر ان کی نذر نہیں کیا تھا۔ اس نسخے میں بعض جگہ بیاض ملتی ہے۔ اگر اسے غالب نے پیش کیا ہوتا، تو یہ ممکن نہیں تھا؛ وہ بآسانی یہ مقامات مکمل کروا سکتے تھے۔ ان جگہوں پر بیاض کا رہ جانا ظاہر کرتا ہے کہ کاتب منقول عنہ نسخے میں مصرع ٹھیک سے پڑھ نہیں سکا، اس نے جگہ خالی چھوڑ دی۔ وہ یقیناً اسے مکمل کرنا چاہتا ہوگا، جس کی اسے

۱۵- عود ہندی : ۱۵

فرصت نہ ملی۔ یقین سے کچھ کہنا تو ممکن نہیں، لیکن قوی امکان ہے کہ منقول عنہ نسخہ خود غالب ہی کا لکھا ہوا ہو۔

یہ نسخہ مولوی کرم حسین کے خاندان میں رہا اور نسلاً بعد نسلٍ سید مہدی حسین (مہدی یار جنگ) کو ملا۔ انھوں نے اسے اپنے بھتیجے جناب سید نقی بلگرامی کو عطا کیا اور انھوں نے اسے مجھے مرحمت فرما دیا۔

میراثِ جم کہ مے بود، اینک بمن سپار
زیں پس رسد بہشت کہ میراثِ آدم ست

۴

گل رعنا کا یہ نسخہ مکمل ہے۔ کاغذ کا سائز ۲۴½ × ۱۴ سم ہے، اور حوض کا ۱۹½ × ۹¾ سم۔ کاغذ باریک، ولایتی، ہلکے بادامی رنگ کا ہے۔ کہیں کہیں کرم خوردگی کے آثار ملتے ہیں، لیکن اس سے نہ کتاب کو کوئی نقصان پہنچا ہے، نہ متن ہی کا کوئی حصہ ضائع ہوا ہے۔ پوری کتاب کی نظم و نثر ایک ہاتھ میں، سیاہ روشنائی سے، نستعلیق خط میں لکھی گئی ہے۔ کاتب اگرچہ بہت خوشخط تو نہیں کہا جا سکتا، لیکن بد خط بھی نہیں ہے۔ غلطی بھی کم کرتا ہے، اگرچہ اس سے بالکل عاری نہیں ہے۔ ہر جگہ تخلص، عنوان، ولہ وغیرہ الفاظ شنجرفی روشنائی سے لکھے ہیں۔ ہر ایک صفحے پر دو جدولیں ہیں۔ باہری جدول صفحے کے کنارے سے کچھ ہی اندر کی طرف اکہرے نیلے خط کی ہے۔ اس سے تین سم اندر حوض کے عین اردگرد جدول تین خطوں پر مشتمل ہے ــ باہر نیلا خط ہے، اور اندر کی طرف شنجرفی رنگ کے دو خط۔ غزلوں کے درمیان کے خطوط بھی شنجرفی ہیں۔ غرض کہ کتاب اچھے خاصے اہتمام سے لکھی گئی ہے۔

ہر ایک صفحے پر تیرہ سطریں ہیں۔ صفحہ ایک خالی ہے؛ کتاب صفحہ ۲ سے شروع ہوتی ہے اور اس پر نمبر شمار (۱) درج ہے۔ پوری کتاب ۹۰ صفحات پر مشتمل ہے۔

ص ا سے فارسی دیباچہ شروع ہوتا ہے، اس کے عنوان میں صرف یہ لفظ لکھے ہیں:
لاموثر فی الوجود الااللہ۔ یہ ص ۷ تک چلا گیا ہے۔ اس کے آخر میں تاریخ نامکمل ہے۔ لکھا ہے:
محررۂ نہم شوال ۱۲ ہجری۔ اب گلِ رعنا کا غالب کا اپنا لکھا ہوا نسخہ بھی لاہور میں دستیاب ہو گیا
ہے، جس کے آخر میں تاریخ "غرۂ ربیع الاول ۱۲۴۴ھ" ثبت ہے، جو مطابق ہے ۱۱ ستمبر
۱۸۲۸ء کے۔ گویا غالب نے اسے اپنے کلکتے میں ورود کے تقریباً آٹھ مہینے بعد مکمل کیا۔ میرے
خیال میں نسخۂ زیرِ نظر کے کاتب نے دیباچے کے آخر میں وہ تاریخ دینا چاہی تھی، جب اس
نے اسے نقل کیا ہے، نہ کہ نسخہ منقول عنہ کی تاریخ (جو میرے نزدیک خود غالب کا لکھا ہوا
نسخہ تھا)۔ اگر میرا قیاس درست ہو، تو یہ زیرِ نظر نسخہ شوال ۱۲۴۴ھ کا کتابت کردہ ہے۔ سالِ
تحریر کی عدم تکمیل غالباً نتیجہ ہے، کاتب کے سالِ ہجری سے ناواقفیت کا۔ وہ چاہتا تھا کہ اسے
بعد کو مکمل کرلے، لیکن اس کا اسے موقع نہ ملا۔ ۱۲ کا لکھنا اور بقیہ خالی چھوڑ دینے کی اور
کوئی توجیہ نہیں ہو سکتی۔

یہاں ایک اور امر کی طرف اشارہ بھی ضروری معلوم ہوتا ہے۔

اس قلمی نسخے کے خاتمے کی نثر کے اختتام پر کاتب نے "محرر اسد اللہ محررۂ دوم محرم الحرام"
کے الفاظ کے بعد جلی عنوان دیا ہے: خاتمہ دیوانِ فارسی۔ لیکن خاتمۂ دیوان فارسی کی عبارت
اس کے بعد لکھی نہیں گئی۔ اس وقت مطبوعہ کلیات نثر میں "خاتمۂ گل رعنا" کی عبارت کے خاتمے
کی واقعی یہی صورت ہے۔ اس سے شبہہ ہو سکتا ہے کہ کاتب نے شاید یہ عبارت گلِ رعنا کے
اصلی خطی نسخے سے نہیں، بلکہ کلیاتِ نثر کے کسی قلمی نسخے سے نقل کی ہو۔ یہ قیاس درست نہیں ہوگا،
کیونکہ گل رعنا کا متنِ انتخابِ اشعار کلیاتِ نثر کے کسی نسخے میں نہیں ملتا۔ ایک بعید سا امکان
یہ ہے کہ متنِ اشعار تو اس نے واقعی گلِ رعنا ہی سے لیا، اور خاتمے کی عبارت کلیاتِ نثر
کے کسی خطی یا مطبوعہ نسخے سے نقل کی؛ اور رَوارَوی میں 'خاتمہ دیوان فارسی' الفاظ بھی لکھ گیا، تو یہ
بات بھی ماننے کی نہیں۔ آخر جب اس نے متن گل رعنا سے لیا تھا، تو نثری حصہ بھی کیوں نادر سے نقل کرلیا!

۵

خطی نسخے کے ص ۸ سے اُردو حصۂ انتخاب شروع ہوتا ہے اور یہ ص ۲۴ تک چلا گیا ہے۔ آخری پانچ شعر (درباں کیے ہوئے، طوفاں کیے ہوئے) اس صفحے پر پہلی چھ سطروں میں درج ہیں اور اس کے بعد فارسی نثر اور فارسی انتخاب شروع ہو جاتا ہے۔

اُردو انتخاب ۱۱۶ غزلوں سے لیا گیا ہے اور اس میں تبفصیلِ ذیل کل ۴۵۵ شعر ملتے ہیں:

ردیف	تعدادِ غزلیات	تعدادِ اشعار
الف	۲۹	۱۱۳
ب	۱	۷
ت	۱	۵
ث	۱	۱
ج	۱	۳
د	۱	۴
ر	۲	۶
ز	۲	۵
س	۱	۵
ش	۱	۲
ع	۱	۳
غ	۱	۲

ردیف	تعدادِ غزلیات	تعدادِ اشعار
ف	۱	۴
ک	۲	۶
گ	۱	۲
ل	۱	۳
م	۱	۳
ن	۱۵	۶۷
و	۲	۱۷
ہ	۱	۴
ی	۵۰	۱۹۳
میزان	۱۱۶	۴۵۵

اس پورے انتخاب کی ترتیب حروفِ تہجی کے مطابق ہے۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ اشعار کسی ردیف وار مرتب دیوان سے اقتباس کیے گئے ہیں۔ اور یہ صحیح بھی ہے۔ ہمیں اس وقت تک گلِ رعنا سے پہلے کے کم از کم پانچ مجموعوں کا علم ہے، اور ان میں سے تین دستیاب بھی ہو چکے ہیں۔ ان میں سے دو تو بھوپال سے ملے ہیں: پہلا وہ جو نسخۂ حمیدیہ کے عنوان سے شائع ہو چکا ہے (۱۹۲۱ء) اور دوسرا اس سے پہلے کا ابھی پار سال ملا ہے اور از اوّل تا آخر خود غالب کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے۔ تیسرا نسخہ کسی زمانے میں پروفیسر محمود خان شیرانی کی ملکیت میں ہونے کے باعث نسخۂ شیرانی کہلاتا ہے اور آج کل پنجاب یونیورسٹی، لاہور کے کتابخانے کی زینت ہے۔ یہ بھی شائع ہو گیا ہے (۱۹۶۹ء)۔ یہ تین نسخے مل چکے ہیں (اور ان سے متعلق نسبتہً تفصیل سے آگے لکھ رہا ہوں)۔ ان کے علاوہ دو نسخے اور ہمارے علم میں ہیں۔ پہلا تو اس بیاض پر مشتمل ہوگا، جس سے غالب نے اپنا متذکرہ صدر دستخطی نسخہ نقل کیا تھا۔ اور ایک

وہ مجموعہ جو کلکتے میں ان کے پاس تھا اور جس سے گل رعنا کا انتخاب تیار کیا گیا۔

کلکتے کے دورانِ قیام میں غالب کے پاس اپنے اُردو کلام کا ایک مجموعہ تھا، جس کی شہادت خود ان کے ایک خط میں موجود ہے[16]۔ جب یہ وہاں پنشن کے مقدمے کے سلسلے میں پہنچے، تو کسی مخالف نے انگریزی دفتر میں یہ شگوفہ چھوڑا کہ اس شخص نے اپنا نام اور تخلص تک تبدیل کر رکھا ہے، (اور خدا معلوم یہ کون ہے) اس پر سرکاری کارپردازوں کو ان کے نام اور شخصیت سے متعلق کچھ تامل اور شبہہ ہوا، تو غالب نے اپنے دیوانِ اُردو کا خطی نسخہ بطور شہادت پیش کیا، جسے وہ زاید از ہفت سال قبل (یعنی تقریباً ۱۸۲۱ء میں) لکھوا چکے تھے؛ اور جس کے آخر میں ان کی اسمی مہر "اسد اللہ خان عرف میرزا نوشہ" بھی ثبت تھی، جس میں تاریخ ۱۲۳۱ھ کندہ ہے۔ خدا خدا کر کے، اس سے حکام کو اطمینان ہوا۔ اس خطی نسخے کا ہنوز کوئی سراغ نہیں ملا۔ گل رعنا کے اُردو کلام کا انتخاب قریب بیقین، اسی سے لیا گیا تھا۔

۶

اُردو دیوان کے برعکس سفرِ کلکتہ کے زمانے تک فارسی کلام نہ صرف مرتب نہیں ہوا تھا، بہ مقدار میں بھی بہت کم تھا۔ اگرچہ انھوں نے فارسی میں بھی اُردو کے ساتھ ہی شعرگوئی شروع کی تھی، بلکہ ممکن ہے کہ اس سے بھی قبل کی ہو۔ روایت ہے کہ انھوں نے طالبعلمی کے زمانے میں ایک غزل کہی تھی، جس میں ردیف 'کہ چہ' بمعنی 'یعنی چہ' استعمال کی تھی۔ جب ان کے استاد مولوی محمد معظم نے اسے سنا، تو کہا کہ یہ کیا مہمل ردیف اختیار کی ہے۔ استاد کے اعتراض سے مترشح ہوتا تھا کہ ان کے نزدیک 'کہ چہ' کا ان معنوں میں استعمال درست نہیں ہے۔ غالب کو اس کا خیال رہا۔ حسنِ اتفاق سے چند دن بعد جب وہ کلامِ ظہوری دیکھ رہے تھے، انھیں اس میں اس استعمال کی سند مل گئی۔ جب انھوں نے یہ مولوی محمد معظم کو دکھائی، تو نہ صرف ان کا اطمینان ہو گیا، بلکہ وہ اپنے ہونہار شاگرد کی خداداد ذہانت اور جودتِ طبع کے بھی قائل ہو گئے[17]۔

۱۶۔ نامہ ہائے فارسی غالب (مرتبہ سید اکبر علی ترمذی): ۱۰۲ (ضمیمہ ۱)

۱۷۔ ذکرِ غالب: ۳۴

لیکن معلوم ہوتا ہے کہ اس کے بعد انھیں فارسی سے زیادہ مزاولت نہیں رہی۔ بھوپال کے نودریافت خطی نسخہ' دیوان اردو میں لے دے کے فارسی کی ۱۳ رباعیاں ملتی ہیں، غزل ایک بھی نہیں ہے۔ یہی کہا جائیگا کہ اس نسخے کی کتابت (۱۲۳۱ھ) تک ان کا بس اتنا ہی فارسی کلام تھا۔ قیاس یہی کہتا ہے کہ اگر کچھ اور بھی ہوتا، تو وہ اسے بھی ضرور شامل کر لیتے۔

نسخہ' حمیدیہ اس سے بعد کی چیز ہے (کتابت، ۱۲۳۷ھ) اس کے آغاز ہی میں ایک طویل فارسی قصیدہ حضرت علی کی منقبت میں ملتا ہے، جس کا مطلع ہے:

بہرِ ترویجِ جنابِ والیِ یوم الحساب
ضامنِ تعمیرِ قصرستانِ دلہاے خراب

اس کے بعد اثناے سفرِ کلکتہ میں انھوں نے فارسی کی طرف کچھ توجہ کی۔ مثنوی 'چراغِ دیر' قیامِ بنارس کی یادگار ہے۔ لیکن واقع یہی ہے کہ ہنوز وہ حدِ تفنّن سے متجاوز نہیں ہوئے تھے، اور بنیادی طور پر اُردو ہی کے شاعر تھے۔ کلکتے میں ایک تو یوں ہی اُردو کی بہ نسبت فارسی کا زیادہ چلن تھا۔ پھر ان کے احباب اور ملنے والوں میں بھی غالباً زیادہ لوگ فارسی داں ہی تھے۔ ان سے میل جول کا نتیجہ یہ ہوا کہ ان کی فارسی شعر گوئی کی وہ صلاحیت جو مدت سے خفتہ تھی، پھر سے بیدار ہو گئی۔ اب وہ باقاعدگی سے فارسی میں شعر کہنے لگے۔ اس وقت تک نہ انھوں نے فارسی کلام بین الدفتین جمع کیا تھا، جیسا کہ گلِ رعنا کے فارسی انتخاب کے شروع میں صراحت کی ہے، نہ بظاہر اس کی مقدار ہی قابلِ لحاظ تھی۔ اب پہلی مرتبہ انھوں نے اس کے لیے بیاض تیار کی۔ اور جب مولوی سراج الدین احمد نے ان سے انتخاب کی فرمایش کی، تو انھوں نے اُردو کلام کے ساتھ فارسی کلام بھی شامل کر لیا۔ فارسی حصے میں بھی شعروں کی تعداد اُردو حصے کی طرح ۴۵۵ ہی ہے، لیکن قابلِ ذکر بات یہ ہے کہ جہاں اُردو کلام ۱۱۶ غزلوں سے انتخاب کیا گیا ہے، فارسی میں یہ ۲۷ غزلوں سے لیا ہے، بلکہ حقیقتہً یہ انتخاب ہے ہی نہیں، بیشتر غزلیں پوری کی پوری شامل کر لی گئی ہیں۔ دوسری بات یہ کہ یہاں ردیفوں کی ترتیب نہیں ملتی۔ اس سے

ظاہر ہے کہ یہ کسی بیاض سے نقل کی گئی ہیں، جہاں انھیں اولاً بلا لحاظِ ردیف انھوں نے لکھا ہوگا۔ فارسی شعروں کی تفصیل حسب ذیل ہے :

صنف کلام		تعداد اشعار
قصیدہ	۱	۵۴
قطعہ	۲	۴۴
مثنوی	۱	۱۰۴
غزلیات	۲۷	

ردیف	تعداد غزلیات	اشعار	
الف	۶	۵۲	
ب	۱	۵	
ت	۴	۴۱	
د	۷	۶۸	
ر	۱	۱۱	
ز	۱	۱۰	
م	۲	۱۷	
ن	۳	۳۰	
ہ	۱	۱۰	
ی	۱	۹	۲۵۳
	۲۷		۴۵۵

فارسی انتخاب میں سب سے اول انڈریو اسٹرلنگ کی مدح میں قصیدہ ہے۔ غالب کو اسٹرلنگ کے عہدے سے متعلق کچھ غلط فہمی تھی۔ مرزا علی بخش خان کے خط میں انھوں نے

اسے 'اعیانِ کونسل' میں شمار کیا ہے: بظاہر اس سے مراد گورنر جنرل کی کونسل کا رکن ہونا چاہیے۔ ظاہر ہے کہ یہ ٹھیک نہیں ہے۔ محمد علی خان، صدر امین باندہ کو انھوں نے "قوسِ عروجی کونسل را نقطۂ بدایت و قوسِ نزولی آن را نقطۂ نہایت" لکھا ہے۔ یہ کھینچ تان کر درست کہا جاسکتا ہے۔ دراصل وہ فارسی سکتر تھا۔ وہ فارسی خوب سمجھتا تھا اور ہندستانی لوگوں کی جملہ فارسی خط و کتابت اسی کے دفتر سے متعلق تھی۔ غالب نے یہ قصیدہ اسی لیے فارسی میں لکھا۔ قابلِ ذکر بات یہ ہے کہ کسی انگریز کی مدح میں یہ ان کا پہلا قصیدہ ہے۔ اسٹرلنگ کا عین جوانی میں ۱۸۳۰ء میں انتقال ہوگیا؛ اس پر غالب نے تعزیتی قطعہ لکھا، جو دیوانِ فارسی میں موجود ہے (قطعہ ۴۵)

اس کے بعد کا فارسی قطعہ بھی کلکتے ہی میں کہا گیا تھا۔ اس میں اثنائے سفر کے مشہور مقامات — دلی، بنارس، سوہن، عظیم آباد کی تعریف کے بعد کلکتے سے متعلق سوال کرتے ہیں:

حالِ کلکتہ باز جستم، گفت: "باید اقلیمِ ہشتمش گفتن"

اس کے بعد ایک شعر ہے:

گفتم: 'اینجا چہ کار باید کرد' گفت: "قطع نظر ز شعر و سخن"

خیال ہوتا ہے کہ شاید اس شعر میں اس ادبی ہنگامے کی طرف اشارہ ہو، جس میں ان پر بسندِ قتیل اعتراض ہوا تھا۔ آخری تین شعروں کا مفاد یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ اپنے مقدمے کے حسبِ منشا فیصلہ ہونے سے مایوس ہو چکے تھے:

گفتم: "از بہرِ داد آمدہ ام" گفت: "بگریز و سر بسنگ مزن"
گفتم: "اکنون مرا چہ زیبد؟" گفت: "آستین، بر دو عالم افشاندن"
گفتمش: "باز گو طریقِ نجات" گفت: "غالب! بکربلا رفتن"

دوسرا قطعہ جس میں تعلّی سے کام لیا ہے اور اپنی تائید میں شیخ علی حزیں کے دو شعر تضمین کیے ہیں، یہ بھی مخالفوں کے جواب میں ہے، اور اس کے صحیح مخاطب بھی کلکتے کے

معترضین ہیں۔ اس قطعے کا یہ شعر دیکھیے، جسے انھوں نے یہاں انتخاب میں نہیں لیا:

لیک ناید زمن کہ در گفتار
مدحت لالہ سور داس کنم

اس میں صریح اشارہ قتیل کی طرف ہے، جو نو مسلم تھا۔

مثنوی چراغِ دیر بنارس کی سرور انگیز فضا میں کہی گئی تھی۔ اس کے ایک ایک لفظ سے ٹپکتا ہے کہ وہ اس جنت آباد کے ماحول سے مسحور اور یہاں کے پریزادوں سے بیحد خوش ہیں۔ یہ مثنوی دنیا کی عظیم نظموں میں شمار کیے جانے کے قابل ہے۔ اس میں ایک شہر اور ملک کی تہذیب و تمدن جس خوبی سے اور شگفتہ زبان میں بیان ہوئی ہے، اس کی مثالیں بہت کم دیکھنے میں آئی ہیں۔ پھر جس حسن اور رنگینی سے انھوں نے بنارس اور یہاں کے مہ جبینوں کی تصویر کشی کی ہے، وہ بجائے خود قابل دید ہے۔ لیکن اس تصویر میں حسن اور رنگینی آئی ہے، اس کی واقعیت سے۔ مجھے یقین ہے کہ اس مثنوی میں بہت سے شعر آپ بیتی سے متعلق ہیں اور انھوں نے اس میں اپنے وارداتِ قلب بیان کیے ہیں۔ اس 'غارتگرِ ہوش' کو وہ یہاں سے چلے جانے کے بعد بھی بھلا نہیں سکے، اور اسے یاد کرتے رہے ہیں۔ کلکتے میں کہی ہوئی ایک غزل کا مقطع ہے:

کاش، کان بتِ کاشی در پزیرد م، غالب!
"بندۂ توام" گویم؛ گویدم زناز: "آری"

یہ محض سخن گسترانہ بات نہیں، بلکہ اپنی رام کہانی ہے۔

ان تینوں نظموں کے علاوہ میرے نزدیک یہ غزلیں یقیناً کلکتے میں کہی گئی تھیں: ۳، ۴، ۵، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۵، ۱۶، ۱۷، ۱۸، ۲۰، ۲۶، ۲۷۔ غزل (۶) عظیم آباد میں کہی گئی تھی؛ اس کے مقطع میں اس کے جوار کی ندی سوہن کی تعریف کی ہے:

مرحبا سوہن و جان بخشی اش، غالب! خندہ بر گمرہیِ خضر و سکندر دارم

گویا ۴۵۵ میں سے ۳۵۲ اشعار تو یقیناً اس سفر کے دوران کا کلام ہے؛ بقیہ سے متعلق اگرچہ یقین سے کچھ کہنا ممکن نہیں، لیکن کیا عجب کہ وہ بھی اسی زمانے کا ہو۔

۷

میں نے گلِ رعنا کی ترتیب و تحشیہ میں مندرجۂ ذیل کتب استعمال کی ہیں:

۱۔ سب سے اول دیوان اردو کا وہ نسخہ ہے، جو کاملاً غالب کے اپنے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے اور ابھی پارسال اپریل میں بھوپال کے ایک کہنہ فروش سے ملا ہے۔ یہ ۱۹۶۹ء ہی میں پہلے رامپور سے شائع ہوا، پھر لاہور سے۔

اس بینظیر خطی نسخے کے ص ۴۱ (الف) پر حاشیے میں یہ اندراج ملتا ہے: لعل خان بتاریخ اول صفر ۱۲۳۵ درماہہ عبہ۔ ظاہرا یہ کسی شخص لعل خان کے ملازم رکھے جانے کی یادداشت ہے۔ کہا گیا ہے کہ یہ تحریر بھی غالب کے قلم سے ہے۔ مجھے اس میں شبہہ ہے۔ یہ غالب کے سوادِ خط سے مشابہ نہیں، اور اس میں بعض ایسی خصوصیتیں ملتی ہیں، جو غالب کی روش نہیں۔ بہرحال یہ غالب کی تحریر نہ ہو، جب بھی اس سے ایک بات تو ثابت ہی ہے کہ غالب اس خطی نسخے کی کتابت اس تاریخ سے قبل مکمل کر چکے تھے۔ اس نسخے کا ترقیمہ ہے:

> بتاریخِ چہاردہم رجب المرجب یوم سہ شنبہ سنہ ہجری وقت دوپہر روز باقیماندہ
>
> فقیرِ بیدل، اسد اللہ خان عرف مرزا نوشہ متخلص بہ اسد عفی اللہ عنہ از تحریر
>
> دیوانِ حسرت عنوانِ خود فراغت یافتہ ...... الخ

اس تحریر میں کسی وجہ سے سنہ ہجری کے ہندسے لکھنے سے رہ گئے ہیں، لیکن خوش قسمتی سے تاریخ ماہ اور دن لکھے گئے ہیں۔ یکم صفر ۱۲۳۵ھ سے قبل جب مندرجۂ صدر یادداشت قلمبند کی گئی، ۱۴ رجب منگل کے دن، ۱۲۳۱ھ میں پڑتا ہے، اس لیے اس نسخے کی تاریخِ کتابت

یہ تسلیم کرلی گئی ہے۔ چونکہ غالب کی تاریخ ولادت ۸ رجب ۱۲۱۲ھ ہے، اس سے ثابت ہوا کہ وہ ۱۹ سال کی عمر میں اپنا مکمل مردّف دیوان مرتب کرچکے تھے۔ اس نسخے میں ۲۴۰ غزلیں اور ۱۵۴۱ اشعر بنیادی متن میں اور ۱۲۲ اشعار پر مشتمل ۱۲ غزلیں حاشیے پر ملتی ہیں۔ اس کے علاوہ ۱۳ فارسی رباعیاں اور ۱۱ اُردو رباعیاں بھی ہیں۔ گویا غزلوں اور رباعیوں کو ملاکر کل ۱۷۰۱ شعر۔ حاشیے کا کلام غالب کا نہیں، کسی اور شخص کا لکھا ہوا ہے۔ میں نے اس نسخے کے بخطِ غالب ہونے کے باعث حواشی میں اس کے لیے حرف غ استعمال کیا ہے۔

۲۔ اس کے بعد وہ نسخہ ہے جو ۱۸۲۱ء میں لکھا گیا اور کسی زمانے میں بھوپال کے ایک رئیس اور حکمران خاندان کے فرد جناب فوجدار محمد خان کے کتب خانے میں تھا۔ ابھی سال بھر پہلے تک اُردو دیوان کا یہی قدیم ترین نسخہ تھا۔ محولہ صدر نسخے کی دریافت کے بعد یہ دوسرے نمبر پر آگیا ہے۔ اس کے مرتب مفتی محمد انوار الحق نے خطی نسخے کے کلام پر متداول دیوان کے کلام کا اضافہ کیا اور اپنے مبسوط مقدمے کے ساتھ اسے ۱۹۲۱ء میں بھوپال سے شائع کردیا۔ چونکہ اس وقت نواب محمد حمید اللہ خان والیِ بھوپال، ولی عہد اور چیف سکرٹریاست تھے، اور یہ نسخہ ان کی سرپرستی میں شائع ہوا تھا، اس لیے اسے نسخۂ حمیدیہ کا نام دیا گیا۔

یہ حقیقت ہے کہ جب یہ خطی نسخہ دستیاب ہوا ہے، علمی حلقوں میں سنسنی سی پھیل گئی تھی۔ اہلِ نظر نے اس دیوان کو ہاتھوں ہاتھ لیا اور اس کی اشاعت سے غالب شناسی کے ایک نئے باب کا آغاز ہوا۔ لیکن افسوس کہ مرتب اور ان کے ہمکاروں کی سہل انگاری سے اس میں کئی طرح کی غلطیاں راہ پاگئیں۔ ان میں سے دو بہت افسوسناک تھیں: متن اور حاشیے کا کلام کچھ ایسا گڈمڈ ہوگیا کہ یہ معلوم نہ ہوسکا کہ کونسا کلام ۱۸۲۱ء سے پہلے کا ہے اور کونسا بعد کا۔ دوسرے یہ کہ نہ صرف رسم الخط میں ترمیم کرکے اسے جدید بنا دیا، بلکہ اس میں کتابت کی تصحیح پر بھی کماحقہ توجہ نہیں دی گئی جس سے یہ نسخہ بیحد غلط چھپنے کے باعث ساقط الاعتبار ہوگیا۔ بدقسمتی سے اصلی خطی نسخہ بہت دن سے غائب ہوچکا ہے اور اب اس کے استفادے

کے امکانات نہیں رہے۔ خوش بختی سے مولانا امتیاز علی خان عرشی نے اپنا دیوانِ غالب (نسخۂ عرشی) مرتب کرنے سے پہلے اصلی نسخے کو ۱۹۳۶ء میں دیکھا تھا۔ یوں ان کے مرتبہ دیوان سے اغلاط کی بہت حد تک اصلاح ہوگئی۔ نسخۂ عرشی کا دوسرا ایڈیشن زیرِ طبع ہے، بلکہ اس کا متن کاملاً چھپ چکا ہے۔ انھوں نے میری درخواست پر یہ حصّہ میرے دیکھنے کو بھیج دیا جس کے لیے میں ان کا شکر گزار ہوں۔

اس کے علاوہ پروفیسر حمید احمد خان (لاہور) نے بھی ۱۹۳۸ء میں اصلی خطی نسخے کا معائنہ کیا تھا اور اپنے استفادے کے لیے اس سے یادداشتیں لے لی تھیں۔ انھوں نے صرف وہ کلام جو اصلی خطی نسخے میں تھا، اپنی یادداشتوں کی روشنی میں مرتب کر کے "دیوانِ غالب۔ نسخۂ حمیدیہ" کے نام سے شائع کر دیا ہے (لاہور جولائی ۱۹۶۹ء)۔

میں نے گل رعنا کے حواشی میں ان دونوں سے استفادہ کیا ہے اور نسخۂ حمیدیہ کی رعایت سے اس متن کو ح کے حرف سے ظاہر کیا ہے۔

۳۔ حافظ محمود خان شیرانی مرحوم (ف فروری ۱۹۴۶ء) کے پاس ایک قلمی نسخۂ دیوان تھا، جس میں نسخۂ حمیدیہ کے حواشی کا کلام بھی متن میں ہے۔ اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ اس کی کتابت نسخۂ حمیدیہ کے بعد ہوئی۔ یہ جس شخص کی بھی ملکیت رہا ہو، وہ لازماً غالب کا کوئی عزیز قریب تھا۔ کیونکہ جب وہ کلکتے گئے ہیں، تو اثنائے راہ کا کلام اس کے پاس بھیجتے رہے اور وہ اسے کاتب سے اس خطی نسخے کے حاشیے پر اضافہ کرواتا رہا۔ ان میں سے بعض غزلوں کے شروع میں یہ بھی لکھا ہے کہ اسے یہ غزل کہاں سے موصول ہوئی۔ ان غزلوں کے مطلعے حسبِ ذیل ہیں:

۱۔ ص ۳ (ب)۔ ۴ (الف)۔ از باندہ فرستادند۔

ستایشگر ہے زاہد اس قدر جس باغِ رضواں کا
وہ ایک گلدستہ ہے، ہم بیخودوں کے طاقِ نسیاں کا

۲۔ص ۴۳ (الف)۔ از باندہ رسید

آبرو کیا خاک اوس گل کی کہ گلشن میں نہیں
ہے گریباں ننگِ پیراہن، جو دامن میں نہیں

۳۔ص ۴۳ (الف و ب)

ذکر میرا بہ بدی بھی اوسے منظور نہیں
غیر کی بات بگڑ جائے، تو کچھ دور نہیں

۴۔ص ۴۳ (ب)

نالہ جز حسنِ طلب اے ستم ایجاد نہیں
ہے تقاضائے جفا، شکوۂ بیداد نہیں

(یہ تینوں غزلیں مسلسل یکے بعد دیگرے لکھی ہیں اور صرف پہلی غزل کے شروع میں الفاظ، 'از باندہ رسید' ملتے ہیں۔ اگلی دونوں غزلوں کے شروع میں صرف لفظ غزل ہے اور یہ نہیں بتایا کہ یہ غزل کہاں سے موصول ہوئی تھی۔ اس سے بہرحال یہ مستنبط نہیں ہوتا کہ یہ تینوں غزلیں 'باندہ' سے آئی تھیں۔)

۵۔ص ۵۶ (الف)

وہاں پہنچ کر جو غش آتا پئے ہم ہے ہم کو
صدرہ آہنگِ زمیں بوس قدم ہے ہم کو

(اس کے شروع میں بھی کسی مقام کا نام نہیں ہے۔ لیکن یہ غزل کبھی لکھنؤ میں گئی تھی۔ ہوسکتا ہے کہ لکھنؤ سے بھیج دی گئی ہو، یا باندہ پہنچنے کے بعد بھیجی ہو)

۶۔ص ۶۱ (الف)

ظلمتکدے میں میرے شبِ غم کا جوش ہے
ایک شمع ہے دلیلِ سحر، سو خموش ہے

۷۔ص ۶۱۔ (الف و ب)

کب سنے ہے وہ کہانی میری　　　اور پھر وہ بھی زبانی میری

اس سے ان غزلوں کا زمانہ متعین ہو جاتا ہے کہ یہ ۱۸۲۷ء میں کہی گئی تھیں۔ اس کے علاوہ یہ خطی نسخہ خود غالب کا بھی دیکھا ہوا ہے۔ اس کے ص ۹ (الف) کے حاشیے میں غالب کے قلم سے وہ غزل لکھی ملتی ہے، جس کا مطلع ہے:

ہوس کو ہے نشاطِ کار کیا کیا!　　　نہ ہو مرنا، تو جینے کا مزا کیا!

اس کے علاوہ پورے دیوان میں ان کے ہاتھ کی اصلاحیں ہیں، جو انھوں نے کاتب کی غلط نویسی کے سلسلے میں کی ہیں۔ میں نے سرسری طور پر دیکھا، تو تیرہ مختلف مقامات پر غالب کی تحریریں ملیں۔ افسوس کہ یہ خطی نسخہ دستبردِ زمانہ کے ہاتھوں ناقص ہو گیا ہے۔ درمیان میں دو جگہ سے (ص ۱۹ (ب) کے بعد اور ۱۰۶ (ب) کے بعد) کچھ حصہ ساقط ہو گیا ہے۔ آخر سے بھی ضرور کچھ صفحات غائب ہو گئے ہیں۔ اسی لیے اس نسخے میں کوئی ترقیمہ نہیں ملتا۔ یہ نسخہ آفسٹ عکس میں لاہور سے شائع ہو گیا ہے (۱۹۶۹ء)۔

میں نے حواشی میں اس نسخے کی نشاندہی شیرانی مرحوم کے نام کی مناسبت سے حرف ش سے کی ہے۔

۴۔ اس وقت متداول دیوانِ اُردو کا متن جائز طور پر اس ایڈیشن پر مبنی ہے، جو غالب کی زندگی میں ۱۸۶۲ء میں مطبع نظامی، کانپور میں چھپا تھا۔ صحیح معنوں میں یہی اُردو کلام کا آخری ایڈیشن ہے، جو ان کی نظر سے گذرا تھا۔ اس کے بعد اگرچہ دیوان پھر ایک مرتبہ ۱۸۶۳ء میں بھی آگرے میں چھپا، لیکن یہ ان کے ایک پرانے نسخے کی نقل تھا۔ کلام کی آخری شکل معلوم کرنے کے لیے مطبع نظامی کا نسخہ ناگزیر ہے۔ یہی میں نے کیا ہے؛ اس کے لیے حرف ن استعمال کیا گیا ہے۔

۵۔ غالب کی خوش قسمتی میں کیا شبہہ ہو سکتا ہے کہ اس کے صدی سال میں دو ایسی چیزیں پہلی بار

منظرِ عام پر آئیں جو سرتاسر خود اس کے قلم سے لکھی گئی تھیں۔ پہلا دیوان اُردو جس کا اوپر ذکر ہوا؛ اور دوسرا گُلِ رعنا کا نسخہ۔ آخر الذکر لاہور میں جناب خواجہ محمد حسن کے ہاں سے نکلا اور انھیں یہ اپنے نانا خواجہ احمد اللہ مرحوم امرتسری سے ورثے میں ملا تھا۔

حُسنِ اتفاق سے اس کے متن کے مطبوعہ صفحات مجھے اس کتاب کے مطبعے میں بھیجے جانے سے پہلے دیکھنے کو مل گئے۔ چنانچہ حواشی میں جہاں حرف ل ہے، اس سے یہی قلمی نسخہ لاہور کے مطبوعہ صفحات مراد ہیں۔

۶۔ کلیات نثر فارسی جس میں غالب کی تین نثری کتابیں (پنج آہنگ، مہر نیمروز، دستنبو) شامل ہیں، ۱۸۶۸ء میں مطبع نولکشور، لکھنؤ میں چھپی تھی۔ چونکہ آخری مرتبہ انھوں نے پنج آہنگ کے متن پر اس ایڈیشن سے پہلے نظر ڈالی تھی، اس لیے گُلِ رعنا کے دیباچے اور خاتمے کی فارسی عبارتوں کے لیے میں نے کلیات کے متن کو ترجیح دی ہے، اور اس کے لیے حرف ک استعمال کیا ہے۔ البتہ یہ اضافہ کر دینا چاہتا ہوں کہ مطبوعہ نسخے کی بجائے اس کا قلمی اصل میرے پیشِ نظر رہا ہے۔

۷۔ فارسی انتخاب کے حواشی کے لیے غالب کے دیوان فارسی کے قدیم ترین خطی نسخے کا عکس میرے سامنے رہا ہے۔ یہ نسخۂ دیوان ۱۲۵۳ھ میں لکھا گیا تھا۔ یہ ڈاکٹر مولوی عبدالحق مرحوم کے ذاتی کتابخانے میں محفوظ تھا؛ اور اب غالباً انجمن ترقی اُردو، کراچی کی تحویل میں ہے۔ اس کا عکس میرے ذاتی ذخیرے میں موجود ہے۔

چونکہ یہ کراچی میں دستیاب ہوا، اس لیے میں نے اس کے لیے نشان کچ استعمال کیا ہے۔

۸۔ فارسی دیوان پہلی مرتبہ ۱۸۴۵ء میں دلّی سے شائع ہوا تھا۔ طا سے مراد یہی طبعِ اول کا نسخہ ہے۔

۹۔ دوسری مرتبہ یہ مطبع نولکشور، لکھنؤ میں ۱۸۶۳ء میں چھپ کر شائع ہوا۔ طب سے اسی طبعِ ثانی کی طرف اشارہ ہے۔

۸

یہ مسئلہ بہت دن زیرِ بحث رہا ہے کہ میرزا نے اپنا قدیم تخلص اسد کب ترک کیا اور غالب کب اختیار کیا۔ نو دریافت خطی نسخۂ دیوان سے معلوم ہوتا ہے کہ کم از کم اس کی کتابت (۱۲۳۱ھ) تک وہ صرف اسد تخلص کرتے تھے کیونکہ اس کے ترقیمے میں انھوں نے اپنا نام 'اسد اللہ خان عرف مرزا نوشہ متخلص بہ اسد' لکھا ہے۔ اس کے بعد نسخۂ حمیدیہ والے خطی نسخے کے ترقیمے میں دونوں تخلص یکجا ملتے ہیں۔ اس کے الفاظ ہیں:

دیوان من تصنیف مرزا صاحب و قبلہ المتخلص بہ اسد و غالب سلمہم ربہم علی ید العبد المذنب

حافظ معین الدین بتاریخ پنجم شہر صفر المظفر، ۱۲۳۷ من الہجرت النبویہ صورتِ اتمام یافت

یہ اس نسخے کی کتابت کی تاریخ ہے؛ اور خدا معلوم' اس سے قبل کب سے وہ غالب تخلص لکھ رہے تھے۔ لیکن یہ تو دیوان کے نسخۂ نو دریافت (غ) ہی سے ظاہر ہے کہ انھوں نے ۱۲۳۱ ھ (سالِ کتابتِ نسخہ) کے بہت زمانہ بعد نیا تخلص اختیار نہیں کیا کیونکہ غ کے متن میں ہر جگہ مقطع میں تخلص اسد استعمال ہوا ہے، لیکن کئی جگہ انھوں نے مصرع بدل کر اس کی بجائے دوسرا مصرع لکھ دیا ہے، جس میں تخلص اسد کی جگہ غالب ملتا ہے۔ چند مثالیں ملاحظہ ہوں:

۱۔ غیروں سے' اسد! گرمِ سخن دیکھ کے اوس کو (کی جگہ) غیروں سے اوسے گرمِ سخن دیکھ کے' غالب!

۲۔ برتر ہے رتبہ فہمِ تصوّر سے بھی' اسد! (″) غالب! ہے رتبہ فہمِ تصوّر سے کچھ پرے

۳۔ خدایا! اس قدر بزمِ اسد گرمِ تماشا ہو (″) خدایا! بزمِ غالب اس قدر گرمِ تماشا ہو

۴۔ چھپاؤں کیونکہ سوزش' اے اسد! داغِ نمایاں کی (″) چھپاؤں کیونکہ غالب! سوزشیں داغِ نمایاں کی

۵۔ اسد! وہ گل کرے جس گلستاں میں جلوہ فرمائی (″) وہ گل جس گلستاں میں جلوہ فرمائی کرے' غالب!

۶۔ اسد! محفل میں میری گردشِ افلاک باقی ہے (″) میری محفل میں' غالب! گردشِ افلاک باقی ہے

۷۔ بزمِ ہستی وہ تماشا گاہ ہے جس کو' اسد! (″) بزمِ ہستی وہ تماشا ہے کہ' غالب! ہم جسے

۸۔ آئے ہیں' اسد! ہم رہِ اقلیمِ عدم سے (″) ہم آئے ہیں' غالب! رہِ اقلیمِ عدم سے

بہر حال اس میں کسی طرح کا شبہہ نہیں کہ وہ ۱۲۳۱ھ/۱۸۱۶ء اور ۱۲۳۷ھ/۱۸۲۱ء کے درمیانی زمانے ہی میں کسی وقت اسد کے ساتھ غالب تخلص بھی لکھنے لگے تھے۔

یہاں ایک غلط فہمی کا ازالہ بھی بےمحل نہیں ہوگا:

غالب نے ۱۲۳۱ھ میں دو مہریں تیار کروائی تھیں: اسداللہ خان عرف میرزا نوشہ اور اسداللہ الغالب۔ بعض لوگوں نے استدلال کیا ہے کہ 'اسداللہ الغالب' مہر سے ثابت ہوتا ہے کہ انھوں نے اس سال (۱۲۳۱ھ میں) غالب تخلص اختیار کیا۔ حال آنکہ نہ ان کا نام اسداللہ تھا، نہ تخلص الغالب۔ صحیح بات یہ ہے کہ اس مہر میں لفظ غالب بطورِ تخلص استعمال ہی نہیں ہوا، بلکہ یہ مہر انھوں نے بطور سجع تیار کروائی تھی۔ دراصل 'اسداللہ الغالب' لقب ہے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا۔ چونکہ میرزا کا نام اسداللہ خان تھا، اور وہ عقیدے کے لحاظ سے شیعی تھے، اس لیے انھوں نے یہ سجع والی مہر بنوا کر گویا حضرت علی سے اپنی عقیدت کا اعلان بھی کر دیا۔ غرض اس مہر سے یہ استدلال نہیں کیا جا سکتا کہ ۱۲۳۱ھ میں انھوں نے غالب تخلص اختیار کر لیا تھا۔

البتہ یہ درست ہے کہ بعد کو انھوں نے اسد تخلص سے بیزار ہو کر نیا تخلص رکھنے کا فیصلہ کیا، تو اسی سجع نے ان کی مشکل حل کر دی اور انھوں نے یہ سامنے کا لفظ بطور تخلص اختیار کر لیا۔

مولانا محمد حسین آزاد نے آبِ حیات میں لکھا ہے[۱۸]:

> سن رسیدہ اور معتبر لوگوں سے معلوم ہوا کہ حقیقت میں ان کا دیوان بہت بڑا تھا؛ یہ منتخب ہے۔ مولوی فضل حق صاحب کہ فاضلِ بےعدیل تھے، ایک زمانہ میں دہلی کی عدالت میں سرشتہ دار تھے۔ اسی عہد میں مرزا خان عرف مرزا خانی صاحب کوتوالِ شہر تھے۔ وہ مرزا قتیل صاحب کے شاگرد تھے؛ نظم، نثر فارسی اچھی لکھتے تھے۔ غرض کہ یہ دونوں باکمال مرزا صاحب کے دلی دوست تھے، ہمیشہ باہم دوستانہ جلسے اور شعر و سخن کے چرچے رہتے تھے۔ انھوں نے اکثر

۱۸۔ آب حیات: ۵۱۷

غزلوں کو سنا اور دیوان کو دیکھا، تو مرزا صاحب کو سمجھایا کہ یہ اشعار عام لوگوں کی سمجھ میں نہ آئینگے۔
مرزا نے کہا: اتنا کچھ کہہ چکا، اب تدارک کیا ہو سکتا ہے؟ انھوں نے کہا: خیر، ہوا سو ہوا؛ انتخاب
کرو اور مشکل شعر نکال ڈالو۔ مرزا صاحب نے دیوان حوالہ کر دیا۔ دونوں صاحبوں نے دیکھ کر
انتخاب کیا۔ وہ یہی دیوان ہے، جو کہ آج ہم عینک کی طرح آنکھوں سے لگائے پھرتے ہیں۔

یہ محض افسانہ طرازی ہے اور اس سے مقصود سوائے غالب کی نااہلی اور کج فہمی ثابت کرنے کے اور کچھ نہیں ہے۔ مولوی فضل حق فاضلِ دینیات اور امامِ معقولات تھے، جس کی طرف خود آزاد نے 'فاضل بیعدیل' کے لفظوں میں اشارہ کیا ہے۔ مراد یہ کہ وہ عالم ہونگے، انھیں شعر و سخن سے کیا واسطہ! رہے مرزا خانی، تو وہ نظم و نثر فارسی خوب لکھتے ہونگے، انھیں اُردو سے کیا سروکار! اور اس پر ٹھہرے قتیل کے شاگرد، اور قتیل سے متعلق غالب کی جو رائے تھی، وہ کس کے علم میں نہیں! آزاد نے ایک اور جگہ مرزا خانی سے متعلق جو واقعہ لکھا ہے، اس سے ان کی اپنی رائے مرزا خانی کی سخن فہمی اور سخن سنجی سے متعلق ظاہر ہوتی ہے۔ لکھتے ہیں[19]:

استادِ مرحوم (ذوق) نے فرمایا کہ ان دنوں مرزا خان کوتوال تھے، مرزا قتیل کے شاگرد؛ فارسی نگاری اور انشا پردازی کے ساتھ سخن فہمی کے دعوے رکھتے تھے۔ منشی محمد حسن خان میر منشی تھے اور فی الحقیقت نہایت خوش صحبت، خوش اخلاق، بامروت بزرگ تھے۔ ایک دن دونوں صاحب الٰہی بخش خان مرحوم کی ملاقات کو آئے اور تعارفِ رسمی کے بعد شعر کی فرمایش کی۔ انھیں اور لوگوں کی طرح یہ عادت نہ تھی کہ خواہ مخواہ جو آئے، اسے اپنے شعر سنانے لگیں۔ اگر کوئی فرمایش کرتا تھا، تو بات کو ٹال کر پہلے اس کا کلام سن لیتے تھے۔ شاعر نہ ہوتا، تو کہتے: کسی اور استاد کے دو چار شعر پڑھیے، جو آپ کو پسند ہوں۔ جب اس کی طبیعت معلوم کر لیتے، تو اسی رنگ کا شعر اپنے شعروں سے سناتے۔ اسی بنیاد پر ان سے کہا کہ آپ دونوں صاحب کچھ کچھ اشعار سنائیے۔ انھوں نے کچھ شعر پڑھے۔ بعد اس کے الٰہی بخش خان مرحوم نے دو تین شعر، وہ بھی ان کے اصرار سے، پڑھے؛ اور ادھر اُدھر

۱۹۔ آب حیات: ۴۵۱-۴۵۲

کی باتوں میں ٹال گئے۔ جب وہ چلے گئے، تو مجھ سے کہنے لگے: میاں ابراہیم! تم نے دیکھا، اور ان کے شعر بھی سنے، عجیب مجہول الکیفیت ہیں! کچھ حال ہی نہیں کھلتا کہ ہیں کیا! یہی مرزا خان اور منشی صاحب ہیں، جن کی سخن پردازی اور نکتہ یابی کی اتنی دھوم ہے۔ اور اس پر تماشبینی کے بھی دعوے ہیں! رنڈی ان کے منہ پر دو جوتیاں بھی نہ مارتی ہوگی۔ بھلا یہ کیا کہینگے اور کیا بھینگے!

اور ایسے شخص کے حوالے کر دیا غالب نے اپنا دیوان انتخاب کے لیے۔ آزاد کے سامنے دو باتیں تھیں۔ اول یہ کہ وہ بات جو ایک مولوی کی جسے شعر و شاعری سے کوئی تعلق نہیں تھا، اور دوسرے قتیل کے شاگرد کی جسے وہ اس قدر حقارت سے یاد کرتے تھے، سمجھ میں آگئی، وہ غالب کو نہ سوجھی۔ اور دوسری بات اس سے بھی اہم یہ کہ یہ دیوان جسے "آج ہم عینک کی طرح آنکھوں سے لگائے پھرتے ہیں" دوسروں کا مرہونِ منت ہے۔ اگر مولوی فضل حق اور مرزا خانی نے یہ کام نہ کیا ہوتا، تو اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ کوئی اسے پڑھنے تک کا روادار نہ ہوتا۔

غرض یہ افسانہ محض غالب کو مطعون کرنے کے لیے گڑھا گیا تھا۔ یوں تو غالب ساری عمر اپنے کلام میں سے خود ہی ترک و حذف کے اصول پر کاربند رہے، لیکن صحیح معنوں میں انتخاب کا کام انھوں نے پہلی مرتبہ کلکتے میں مولوی سراج الدین احمد کی فرمایش پر کیا، جب یہ گلِ رعنا وجود میں آئی۔ اس کے دیکھنے کے بعد تو کسی شبہے کی گنجایش ہی باقی نہیں رہ جاتی کہ متداول دیوان کا انتخاب بھی خود انھیں کا کیا ہوا ہے، اور اس میں کسی اور کا دخل نہیں تھا۔ گل رعنا کا جملہ انتخاب (چند مستثنیات سے قطع نظر) جوں کا توں متداول دیوان میں شامل ہے۔

بعض نقاد حضرات اس پر مصر ہیں کہ آغاز میں انھوں نے بیدل کی تقلید میں نہ صرف خیالات مشکل اور خیالی لکھے، بلکہ زبان بھی مشکل اختیار کی؛ اور انھیں اپنی اس غلط روش کا احساس نہیں تھا، یا شاید وہ آسان زبان لکھنے پر قادر نہیں تھے۔ رفتہ رفتہ آخری دور میں انھوں نے

میر کے زیرِ اثر آسان گوئی اختیار کی۔ نہ صرف یہ نظریہ غلط ہے، بلکہ حقیقت اس کے بالکل برعکس ہے۔

اس وقت ہمارے سامنے غالب کے چار ایسے مجموعے ہیں، جو ۱۸۲۸ء تک مرتب ہو چکے تھے، جب ان کی عمر بمشکل ۳۰ سال کی تھی: غ (۱۸۱۶ء)، ح (۱۸۲۱ء)، ش (قبل ۱۸۲۶ء)، م (۱۸۲۸ء)۔

ان چاروں کے غائر مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ غالب کی وہ سب آسان غزلیں جن کی بنا پر انھیں میر کے زیرِ اثر کہا جاتا ہے، ان میں موجود ہیں۔ پس یہ خیال کرنا کہ مرورِ زمانہ سے انھیں اس بات کا احساس ہوا کہ یہ اسلوب غلط ہے، جس کے نتیجے میں وہ مشکل نویسی سے تائب ہو گئے؛ اور یہ سب کچھ ان کی میر سے گرویدگی کے باعث ہوا، خود بخود غلط ثابت ہو جاتا ہے۔

یہاں ان کی زیادہ مشہور آسان غزلوں پر ایک نظر ڈال لینا مفید ہوگا۔ مطلع کے سامنے قوسین میں ماخذ کے حوالے سے یہ مراد ہے کہ یہ غزل سب سے پہلے کس مجموعے میں ملتی ہے:

کہتے ہو نہ دینگے ہم، دل اگر پڑا پایا — دل کہاں کہ گم کیجے، ہم نے مدعا پایا (ح)

عشق سے طبیعت نے زیست کا مزا پایا — درد کی دوا پائی، دردِ بیدوا پایا (ح)

دہر میں نقشِ وفا، وجہِ تسلی نہ ہوا — ہے یہ وہ لفظ کہ شرمندۂ معنی نہ ہوا (ح)

پھر مجھے دیدۂ تر یاد آیا — دل جگر تشنۂ فریاد آیا (ح)

دوست غمخواری میں میری سعی فرمادینگے کیا! — زخم کے بھرتے تلک، ناخن نہ بڑھ آوینگے کیا! (حاشیۂ ح ش)

دھمکی میں مر گیا جو نہ بابِ نبرد تھا — عشقِ نبرد پیشہ طلبگارِ مرد تھا (ش)

ہوس کو ہے نشاطِ کار کیا کیا — نہ ہو مرنا، تو جینے کا مزا کیا (حاشیۂ ش، م)

آہ کو چاہیے اک عمر اثر ہوتے تک — کون جیتا ہے تری زلف کے سر ہوتے تک (ح)

جہاں تیرا نقشِ قدم دیکھتے ہیں — خیاباں خیاباں ارم دیکھتے ہیں (غ)

غنچۂ ناشگفتہ کو دور سے مت دکھا کہ یوں — بوسے کو پوچھتا ہوں میں، منہ سے مجھے بتا کہ یوں (ح، حاشیۂ ح، ش)

ہم سے کھل جاؤ بوقتِ مے پرستی ایک دن — ورنہ ہم چھیڑینگے رکھ کر عذرِ مستی ایک دن (ح)

پاؤں میں جب وہ حنا باندھتے ہیں — میرے ہاتھوں کو جدا باندھتے ہیں (ح)

تیرے توسن کو صبا باندھتے ہیں — ہم بھی مضموں کی ہوا باندھتے ہیں (ح)

وہ فراق اور وہ وصال کہاں — وہ شب و روز او ر وہ ماہ و سال کہاں (حاشیۂ غ، حاشیہ ح، ش)

عشق تاثیر سے نومید نہیں — جاں سپاری شجرِ بید نہیں (ش)

دیوانگی سے دوش پہ زنّار بھی نہیں — یعنی ہمارے جیب میں اک تار بھی نہیں (ش)

مزے جہان کے اپنی نظر میں خاک نہیں — سوائے خونِ جگر، سو جگر میں خاک نہیں (ش)

وارستہ اس سے ہیں، کہ محبت ہی کیوں نہ ہو — کیجے ہمارے ساتھ، عداوت ہی کیوں نہ ہو (حاشیۂ غ، حاشیۂ ح)

کب سنے ہے وہ کہانی میری — اور پھر وہ بھی زبانی میری (حاشیۂ ش، م)

چاہیے خوباں کو جتنا چاہیے — یہ اگر چاہیں، تو پھر کیا چاہیے (حاشیۂ غ، آخر ح، ش)

عشق مجھ کو نہیں، وحشت ہی سہی — میری وحشت تری شہرت ہی سہی (حاشیۂ غ، ش)

پھر کچھ اک دل کو بیقراری ہے — سینہ جویائے زخمِ کاری ہے (حاشیۂ غ، آخر ح، ش)

جس زخم کی ہو سکتی ہو تدبیر رفو کی — یارب! اسے لکھ دیجیو قسمت میں عدو کی (حاشیۂ غ)

پھر پرسشِ جراحتِ دل کو چلا ہے عشق — سامانِ صد ہزار نمکداں کیے ہوئے (حاشیۂ غ، آخر ح، ش)

بے اعتدالیوں سے سبک سب میں ہم ہوئے — جتنے زیادہ ہو گئے، اتنے ہی کم ہوئے (حاشیۂ غ)

رونے سے اور عشق میں بیباک ہو گئے — دھوئے گئے ہم اتنے کہ بس پاک ہو گئے (حاشیۂ غ، ش)

درد سے میرے ہے تجھ کو بیقراری ہائے ہائے — کیا ہوئی، ظالم! تری غفلت شعاری ہائے ہائے (حاشیۂ غ، ح)

مسجد کے زیرِ سایہ خرابات چاہیے — بھوں پاس آنکھ، قبلۂ حاجات چاہیے (حاشیۂ ح، ش)

دیکھنا قسمت کہ آپ اپنے پہ رشک آ جائے ہے — میں اُسے دیکھوں، بھلا کب مجھ سے دیکھا جائے ہے (آخر ح، ش)

نہ ہوئی گر مرے مرنے سے تسلی، نہ سہی — امتحاں اور بھی باقی ہو، تو یہ بھی نہ سہی (ح)

وہ آکے خواب میں تسکینِ اضطراب تو دے — ولے مجھے تپشِ دل، مجالِ خواب تو دے (آخر ح، ش)

فریاد کی کوئی لَے نہیں ہے — نالہ پابندِ نَے نہیں ہے (ش)

کبھی نیکی بھی اوس کے جی میں گر آجائے ہے مجھ سے — جفائیں کر کے اپنی یاد، شرما جائے ہے مجھ سے (آخر ح، ش)

آکہ مری جان کو قرار نہیں ہے — طاقتِ بیدادِ انتظار نہیں ہے (ش)

عجب نشاط سے جلاد کے چلے ہیں ہم آگے — کہ اپنے سایہ سے سر پانو سے ہے دو قدم آگے (ش)

کیا اتنی ساری غزلوں کو دیکھتے ہوئے یہ باور کیا جاسکتا ہے کہ وہ شروع میں آسان زبان لکھنے سے معذور تھے؟ ان غزلوں میں سے متعدد ۱۸۲۱ء (نسخۂ حمیدیہ کی تاریخِ کتابت) سے پیشتر کی ہیں، جب کہ ان کی عمر بمشکل ۲۴ برس کی تھی؛ اور بہت بڑی تعداد ۱۸۲۶ء سے قبل کی ہے، جو نسخۂ شیرانی کی آخری حد ہے۔ اس سے بعد کے کلام سے مندرجۂ ذیل غزلوں کو بھی آسان کہا جاسکتا ہے:

درد منت کشِ دوا نہ ہوا — میں نہ اچھا ہوا، بُرا نہ ہوا

کوئی دن گر زندگانی اور ہے — اپنے جی میں ہم نے ٹھانی اور ہے

کوئی امید بر نہیں آتی — کوئی صورت نظر نہیں آتی

دلِ ناداں! تجھے ہوا کیا ہے؟ — آخر اس درد کی دوا کیا ہے؟

ابنِ مریم ہوا کرے کوئی — میرے دُکھ کی دوا کرے کوئی

واقعہ یہ ہے کہ ان کی ابتدائی مشکل گوئی پسند کی نہیں، بلکہ مجبوری کی تھی۔ شعرگوئی کے آغاز میں وہ بیدل اور شوکت بخاری اور اسیر کی دور از کار خیالی شاعری اور تشبیہات و استعارات سے گرانبار طرزِ سخن سے گویا چکاچوند ہو گئے۔ نوجوانی کے زمانے میں جب جوش اور جذبات کا طوفان اپنے عروج پر ہوتا ہے، عقل و شعور رستے میں کیونکر حائل ہو سکتے تھے! بلکہ سچ تو یہ ہے کہ ابھی عقل و شعور کو موقع ہی کہاں ملتا تھا! ان اصحاب کی تقلید میں وہ بھی خیالی مضامین لکھنے لگے؛ اور انھیں ادا کرنے کو لامحالہ انھیں مشکل زبان لکھنا پڑی۔ لیکن اسی زمانے میں انھوں نے آسان غزلیں بھی لکھیں اور یہ وہ آخر تک لکھتے رہے، غرض نہ انھوں نے مشکل زبان بیدل کے زیرِ اثر لکھی، نہ آسان میر کے زیرِ اثر۔ انھوں نے ثابت کر دیا کہ وہ ان دونوں اثرات سے آزاد، حسبِ موقع اور حسبِ ضرورت، مشکل بھی لکھ سکتے تھے اور آسان بھی۔ غور سے دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ مشکل کلام میں تو کہیں کہیں انھوں نے بیراہروی

اور کوہ کندن و کاہ برآوردن کا ثبوت بھی دیا ہے، آسان میں وہ کہیں راہ راست سے نہیں بھٹکے ہیں۔

نئی دلی

۱۵ر فروری ۱۹۷۰ء

مالک رام

ترتیب

دیباچہ

لاموثر فی الوجود الا اللہ

خداوندا! نامیدی از رحمت در گناہم دلیر میکند۔ رگِ گردنِ جنونم را بزورِ بازوی نوازش بگسل و دل در مہرگانِ محرومی از تو سرد میگردد۔ بنای یائسم را آتشِ نازدہ فرو ہِل۔ آتشِ بیدادِ حالم برقِ خرمنِ مستقبل است، بداغِ دوزخ تاب بیجا صلیم مسوز و عمرم بتماشای بہارِ جاویدِ خرمِ جمالِ گزشتہ است، از تجلیاتِ جلالی چہرہ بہرِ عتابم مفروز۔ تمکینِ من از چرخِ بکسر بباد رفتہ دستخوشِ بازیِ سیارگانم مخواہ و دلم از ستم ظریفیِ روزگار آگفتہ نقشِ انجمنِ انجم مپسند۔ از تصور ہرچہ رفت خون در جگرم محاسبِ عمرم را بفرمای تا روزگارِ گزشتہ را در حساب ننہد۔ روی شاہدِ سعادت می نگرم۔ از آئینۂ زنگ بستہ زحل یک فلک کبودی بزدای، تا جلوۂ مشتری دہد۔ ناتوانی رنگِ عالم عالم نا امیدی میریزد۔ ہرچہ از تن کاست، بر جان بیفزای و گرمیِ اندیشہ شرر از پردۂ دل می پیزد، بر آبلۂ جگر بخشای۔

ای از تو نورِ اسپہدی از بالکانۂ دماغ بر سراپای دل تافتہ و مشتِ خاکِ تیرہ سرانجام از تو خردِ روشن و روانِ گویا یافتہ۔ چہ شگرف نوازش است خاکیانِ برشتہ جگر را زیرِ سایۂ نوای محمدی جا دادن و چہ سترگ بخشایش است بسلسلہ جنبانیِ شفاعتش درِ آمرزش بروی ما بستہ کاران گشادن۔ آفرینندۂ آفرین را بکام و زبان ستودن، اگر راست پرسی، خودنمایی است و ستودۂ جہان آفرین را ستایشگر بودن، اگر غلط نکنم، دعویِ خدائی۔ آبلہ پایانِ وادیِ تسلیم

سرِ مرا جبههٔ عبودیتی زیبد؛ گوهر آمای سجود و آیینه دارانِ حیرتِ جمالِ محمدی را قانون عقیدتی باید؛ زمزمهٔ ای درود۔

زلافِ حمد و نعت اولیٰ است[14] بر خاکِ ادب خفتن   سجودی میتوان کردن، درودی میتوان گفتن[15]

اما اگر کشش اختلاطِ بند[16] و آزادی، حیرانِ دو راههٔ اندوه و شادی، جهان جهان رنجِ تن را مطلوب و عالم عالم دردِ دل را طالب محمد اسد الله[17] (سمرقندی) المنشا[18]، اکبر آباد (ی) مولد، دهلی مسکن[19]: بساطِ دعویٰ ستایش ورنوردیدن طریقِ وادیِ نیایش زبانی از پردهٔ چاکِ جگر میرویاند و نارسا ناله دست از اثر بخونابِ دل شسته (را) بگوشِ یاران میرساند۔ فرارسندگانِ خوب و زشتِ سخن و دریابندگانِ نقص و کمالِ این فن نکو دانند که به آرایشِ بساطِ دعویٰ برنخاسته ام و در چارسوی سخن بخرده فروشی ننشسته۔ عمریست که سخنهای دلپذیر را بماتمِ دلهای سخن پذیر نشانده اند[20] و از سوادِ حرف و رقم مشتِ خاکی بر فرقِ لفظ و معنی افشانده۔ تماشائیانِ این باغ دربستهٔ جلوهٔ گل از رخنهٔ دیوارِ چمن می بینند و خرامندگانِ[21] این بهارستانِ گل از سایهٔ گل می چینند۔ اما هر که از سرخوشانِ بادهٔ مرد آزمای این انجمن است، از شیشه ریزه های بزمِ میکشانِ پاتانش[22] خارها در پیراهن است[23]۔ منت ایزد را که دلِ دانا و چشمِ بینا داده اند و زبانِ گویا[24] را جز بستایشِ یاران و نفرینِ خویش نگشاده۔ نه دلکش نوایم، نه هرزه خروش۔ نه تحسین خریدارم، نه شعر فروش[25]۔ بر گوشهٔ سماطِ لفظ ریزه چینِ و کاسه لیسِ گذشته جادو بیانانم[26] و بر طرفِ بساطِ معنی خواجه تاش و هم پیالهٔ آنانم[27]۔ چه اگر دیگران را از خزینهٔ جودِ مبداء فیاض لعل و گهر[28] بدامنِ فطرت می دهند، مرا نیز خرمهرهٔ چند در جیب و کنارِ اندیشه می نهند[29]۔

رسائیِ سعیِ فطرتم بنگر که هندی را از دهلی بسپاهان برده ام و نیروی سرپنجهٔ فکرم ببین که پارسی را از شیراز بهندوستان آورده[30]۔ هیهات[31] این چه گزاف است[32] در کسوتِ خودنمایی و این چه لاف است در صورتِ خویشتن ستایی! میتوان[33] گفت که خونِ آن دو زبانم به گردنست[34] و نعشِ آن دو ستم کشته ام بر دوش۔ چه یکی از پهلویِ من در وطن غریب گردیده و دیگری از شومیِ من وطن در غربت گزیده۔ کو خموشیی که هم انتقامِ آن دو بیزبان از من بستانند[35] و هم مرا از تفرقهٔ رد و قبولِ خلق[36]

وارهاند[37]. بیچمدانیِ من بدان پایه که اگر خود را بیچمدان گویمی، خرد از طنزِ بُرویم خندی، و تهمتِ دعویِ دانست بر من بندی.

اینقدر دانم که مرا از من پرداخته اند و رنگین کنِ افسانهٔ بیکسیهای خویشم ساخته. نفس باختهٔ حیرتم و جگر گداختهٔ وحشت. بیانم ضمیر آلا است[38] و داستانم جگر پالا، ناله ام از نشتر رخنه بجگر سپارنده تراست[39]، و نغمه ام از نوحهٔ دل بدرد آرنده تر. ستم کشیدهٔ[40] جانی دارم از وحشتِ تنهائیِ خویش آمادهٔ گریز. و دلی[41] سراپا از درد و داغِ دل لبریز. محوِ سرگرمیِ مذاقِ معینم، اگر دماغم پُر آتش است، چه عجب و نمک چشِ لذتِ حسنِ گلوسوزِ[42] گفتارم، اگر دهانم پُر آبست[43]، چه شگفت. آری، کوشش را میدان فراخ است و امید را سر رشته دراز. [44]بو که دلِ افسرده پارهٔ بدرد آید و لختی بخون شدن گراید. گرفتم، دل از دردِ نایافتِ دانش پژمانست و دیده از اندوهِ محرومیِ بینش نژند. من نیز از دل بآهی قانعم و از دیده باشکی خرسند.

ع   هر که قانع شد بخشک و تر شهِ بحر و بر است[45]

درین گلستان بطائرِ گم کرده آشیانی مانم که سراپا کبابِ شعلهٔ آوازِ خویشتن باشد و نفسش از شراره ریزیِ صاعقهٔ فغان و مادم در گداختن. رنگ و بو پرستانِ چمن و سرمستانِ انجمن[46] سازِ بزمِ نشاطش پنداشته و نوای جگرخراشِ اُورا زمزمهٔ عشرتِ[47] خویش انگاشته، برقِ تکلیفِ ناله های دمبدم بر خرمنِ[48] هستیش پیمایند و ندانند که پارهٔ از دل می گدازد و گوشهٔ از جگر فرو میریزد، تا چنین[49] بخون آغشته نوا[50] از منقار بر میخیزد. از بیمِ معاشران نفسم در سینه چون موج[51] با آبگینه درلرزیدنست و از بیدادِ حریفان خونم از دلِ خسته چون آب از کوزهٔ شکسته در تراویدن.

یاران انجمنها ساخته و بتکلیفِ شعرخوانی شمعِ ابرام افروخته. من از حیرت نفس باخته و از خجالت[52] چشم بر پا[53] دوخته. خصوصاً بزرگی از صدر نشینانِ این بزم که کالبدِ معنی را از وی روان در تنست[54]، و پیکرِ مردمی را گل از وی بجیب و دامن، بمعاینهٔ نزاکتِ شیرین ادائیِ قلمش نبات از نیشکر انگشتِ حیرت بدندان، و بملاحظهٔ[55] لطافتِ نظرفریبیِ رقمش بهار

از گل (بر) بنفشه زار خندان۔ جگر تفتگانِ بیدائی شوق را بسایه و چشمه را بسر ہم خلدِ آشتی را طوبیٰ و ہم فردوسِ دوستی را کوثر، برجیس خصائل، بہمن فطرت، امشاسپند شمائل، یزدان سیَر۔ ندانم چه افسونِ توانائی برمن خواند و چه عطرِ دلربائی بَرَدماغم افشاند که سرم را که بگریبانِ دِقِ اندوه فرو رفته بود، از زانو برداشت، و لبم را که بمکیدنِ دلِ دندان زده سری داشت، بحرف و سخن کشود۔

با سراج الدین احمد چاره جز تسلیم نیست
ورنه غالب میگزد شوقِ غزلخوانی مرا

ہرچند زبون صیدِ دامگاهِ حیرانیم و دژم فرو رفتهٔ نشیب لاخ نادانی، بیمم در نوردِ دائرهٔ ہر حرف سراز حلقه، دامی برمی آرد و کلکم در کسوتِ ہر نقطه پشت دستی بر زمین میگزارد۔ امّا خوگریِ اندازِ مہر بانیش را نازم که آتشِ افسردهٔ مرا شعله ور ساخت و خاکِ زمین گیرِ مرا علمِ رعنائیِ غبار ارزانی داشت۔ فرمان داده است که منتخبی از دیوانِ ریخته و غزلی چند از پارسی در یک سفینه باہم در آمیزم و این پردهٔ دو رنگ به پیش طاقِ بینشِ نظارگیانِ یکرنگ آویزم۔ از وی بزبان گفتنی و از من بجان پذیرفتنی۔

بر دلِ سخن پذیر سخن دلپذیر جوی دیده ورانِ دانشمند نہفته مماناد که چون در آغاز خار خارِ جگر کاویِ شوقم ہمه صرفِ نگارشِ اشعارِ اردو زبان بود، در مسلکِ این تحریر نیز ہمان جاده گزارده آمد و ہمان راه سپرده شد که مباد سررشته از کف رود و کار از پرکار افتد۔ ہر آئینه این چمنستان را دو در رو بروی ہم کشودم۔ نخستین در را به اشعارِ ہندی بگوہر آمودم۔ درِ دوم چون آغوشِ شوق بروی پارسیان واست و نامِ این سفینه بزبانِ اداشناسان گلِ رعنا۔

الٰہی! این گلِ رعنا را بگوشهٔ دستارِ قبول جاده، و ہر که این را گرامی (نہد) سپاسی از وی برمن نہی۔ الله بس و ماسویٰ ہوس۔ محرره نہم شوال سـنہ ۱۲ ہجری۔

انتخابِ اُردو

(۱)

نقش فریادی ہے کس کی شوخیِ تحریر کا
کاغذی ہے، پیرہن ہر پیکرِ تصویر کا

جذبۂ بے اختیارِ شوق دیکھا چاہیے
سینۂ شمشیر سے باہر، ہے دم شمشیر کا

کاو کاوِ سخت جانی ہائے تنہائی نہ پوچھ
صبح کرنا شام کا، لانا ہے جوئے شیر کا

(۲)

تھا، خواب میں، خیال کو تجھ سے معاملہ
جب آنکھ کھل گئی، نہ زیاں تھا، نہ سُود تھا

لکھتا ہوں مکتبِ غمِ دل میں سبق ہنوز
لیکن یہی کہ "رفت" گیا، اور "بُود" تھا

ڈھانپا کفن نے داغِ عیُوبِ برہنگی
میں، ورنہ ہر لباس میں ننگِ وُجود تھا

(۳)

دوست غمخواری میں میری، سعی فرماوینگے کیا؛
زخم کے بھرتے تلک، ناخن نہ بڑھ جاوینگے کیا؛

بے نیازی حد سے گزری، بندہ پرور، کب تلک
ہم کہینگے حالِ دل، اور آپ فرماوینگے کیا؛

گر کیا ناصح نے ہم کو قید، اچھا! یوں سہی
یہ جنونِ عشق کے انداز چھٹ جاوینگے کیا!

خانہ زادِ زلف ہیں، زنجیر سے بھاگینگے کیوں؟
ہیں گرفتارِ وفا، زنداں سے گھبراوینگے کیا!

(۴)

دل نہیں، تجھ کو دکھاؤں، ورنہ، داغوں کی بہار
اس چراغاں کا، کروں کیا، (کار فرما جل گیا)

عرض کیجے، جوہرِ اندیشہ کی گرمی کہاں!
کچھ خیال آیا تھا وحشت کا کہ، صحرا جل گیا

(۵)

بوے گل، نالۂ دل، دودِ چراغِ محفل
جو تری بزم سے نکلا، وہ پریشاں نکلا!

کس قدر خاک ہوا ہے، دلِ مجنوں، یارب !
نقشِ ہر ذرّہ، سُویدائے بیاباں نکلا

تھی نو آموزِ فنا ہمتِ دشوارئ شوق
سخت مشکل ہے کہ، یہ کام بھی آساں نکلا

دل میں پھر گریہ نے اک شور اُٹھایا، غالب!
آہ جو قطرہ نہ نکلا تھا، وہ طوفاں نکلا

۱۵

(٦)

دھمکی میں مر گیا، جو نہ بابِ نبرد تھا
عشقِ نبرد پیشہ، طلبگارِ مرد تھا

تھا زندگی میں مرگ کا کھٹکا لگا ہوا
اُڑنے سے پیشتر بھی مرا رنگ زرد تھا

جاتی ہے کوئی، کشمکش اندوہِ عشق کی
دل بھی اگر گیا، تو وہی دل میں درد تھا

احباب، چارہ سازئ وحشت نہ کر سکے
زنداں میں بھی، خیال، بیاباں نورد تھا

۲۰

یہ لاشِ بے کفن، اسدِ خستہ جاں کی ہے
حق مغفرت کرے، عجب آزاد مرد تھا

(٧)

ستایش گر ہے زاہد اس قدر جس باغِ رضواں کا
وہ اک گلدستہ ہے ہم بیخودوں کے طاقِ نسیاں کا

بیاں کیا کیجیے بیدادِ کاوش‌ہاے مژگاں کا!
کہ ہر اک قطرۂ خوں، دانہ ہے تسبیحِ مرجاں کا

نہ آئی سطوتِ قاتل بھی مانع، میرے نالوں کو
لیا دانتوں میں جو تنکا، ہوا ریشہ نیستاں کا

نہیں معلوم، کس کس کا لہو پانی ہوا ہوگا!
قیامت ہے، سرشک آلودہ ہونا تیری مژگاں کا ۲۵

بغل میں غیر کی آج آپ سوئے ہیں، کہیں، ورنہ
سبب کیا، خواب میں آکر تبسّم‌ہاے پنہاں کا؟

نظر میں ہے ہماری جادۂ راہِ فنا، غالب!
کہ یہ شیرازہ ہے عالم کے اجزاے پریشاں کا

(۸)

میں نے چاہا تھا کہ اندوہِ وفا سے چھوٹوں
وہ ستمگر مرے مرنے پہ بھی راضی نہ ہوا

ہوں ترے وعدہ نہ کرنے میں بھی راضی کہ کبھی
گوش منّت کشِ گلبانگِ تسلّی نہ ہوا

دل گزرگاہِ خیالِ مے و ساغر ہی سہی
گر نفَس جادۂ سرمنزلِ تقویٰ نہ ہوا ۳۰

مر گیا صدمۂ یک جنبشِ لب سے غالب
ناتوانی سے حریفِ دمِ عیسیٰ نہ ہوا

(۹)

برہمن شرم ہے باوصف شوخی اہتمام اوس کا
نگیں میں جوں شرارِ سنگ ناپیدا ہے نام اوس کا
مسی آلودہ ہے مُہرِ نوازشنامہ، ظاہر ہے
کہ داغِ آرزوے بوسہ دیتا ہے پیام اوس کا
بہ امیدِ نگاہِ خاص، ہوں محمل کشِ حسرت
مبادا ہو عنانگیرِ تغافل لطفِ عام اوس کا

(۱۰)

۳۵

محبّت تھی چمن سے لیکن اب یہ بیدماغی ہے
کہ موجِ بوے گل سے ناک میں آتا ہے دم میرا

(۱۱)

محرم نہیں ہے تو ہی، نواہاے راز کا
یہاں ورنہ جو حجاب ہے، پردہ ہے ساز کا
تو اور سوے غیر نگہ ہاے تیز تیز
میں اور دوکھ تری مژہ ہاے دراز کا
ہیں بسکہ جوشِ بادہ سے شیشے اچھل رہے
ہر گوشۂ بساط ہے سرِ شیشہ باز کا

تاراجِ کاوشِ غمِ ہجراں ہوا، اسدؔ!
سینہ، کہ تھا دفینہ گہرہائے راز کا

(۱۲)

شب، کہ ذوقِ گفتگو سے تیرے، دل بیتاب تھا
شوخیِ وحشت سے، افسانہ فسونِ خواب تھا

گرمیِ برقِ طپش سے، زَہرَہ ازبس آب تھا
شعلۂ جوالہ، ہر اک حلقۂ گرداب تھا

واں، کرم کو، عذرِ بارش تھا، عناگیرِ خرام
گریہ سے، یہاں، پنبۂ بالش، کفِ سیلاب تھا

(واں، خود آرائی کو تھا، موتی پرونے کا خیال)
یہاں، ہجومِ اشک میں، تارِ نگہ نایاب تھا

جلوۂ گل نے کیا تھا واں، چراغاں آب جو
یہاں، رواں مژگانِ چشمِ تر سے خونِ ناب تھا

فرش سے تا عرش، واں، طوفاں تھا موجِ رنگ کا
یہاں، زمیں سے آسماں تک سوختن کا باب تھا

یہاں، سرِ پُر شور، بےخوابی سے تھا دیوار جُو
واں، وہ فرقِ ناز، محوِ بالشِ کمخواب تھا

۴۵

یہاں نفس کرتا تھا روشن، شمعِ بزمِ بیخودی
جلوۂ گُل، وہاں، بساطِ صحبتِ احباب تھا

وہاں، ہجومِ نغمہ ہاے سازِ عشرت تھا، اسدؔ!
ناخنِ غم، یہاں، سرِ تارِ نفس مضراب تھا

(۱۳)

گریہ چاہے ہے خرابی مرے کاشانے کی
در و دیوار سے ٹپکے ہے، بیاباں ہونا

واے دیوانگیِ شوق کہ، ہر دم مجھ کو
آپ جانا اودھر، اور آپ ہی حیراں ہونا

کی مرے قتل کے بعد اوس نے جفا سے توبہ
ہاے، اوس زُود پشیماں کا پشیماں ہونا

(۱۴)

دُود کو آج اوس کے ماتم میں سیہ پوشی ہوئی
وہ دلِ سوزاں کہ کل تک شمعِ ماتمخانہ تھا

شکوۂ یاراں غبارِ دل میں پنہاں کر دیا
غالبؔ! ایسے گنج کو شایاں یہی ویرانہ تھا

(۱۵)

جلوہ مایوس نہیں، دلِ نگرانی، غافل!
چشمِ امید ہے روزن تری دیواروں کا

وحشتِ نالہ بوا ماندگیِ وحشت ہے
جرسِ قافلہ، یہاں، دل ہے گرانباروں کا

پھر وہ سُوے چمن آتا ہے، خدا خیر کرے!
رنگ اوڑتا ہے گلستاں کے ہواداروں کا

(۱۶)

ہوس کو ہے نشاطِ کار کیا کیا !
نہ ہو مرنا، تو جینے کا مزا کیا ؟

تجاہل پیشگی سے مُدّعا کیا ؟
کہاں تک، اے سراپا ناز، "کیا کیا ؟"

نگاہِ بے مُحابا چاہتا ہوں
تغافل ہائے تمکیں آزما کیا ؟

فروغِ شعلۂ خس، یک نَفَس ہے
ہوس کو پاسِ ناموسِ وفا کیا ؟ ۶۰

دماغِ بوئے پیراہن نہیں ہے
غمِ آوارگی ہائے صبا، کیا ؟

نَفَس موجِ محیطِ بیخودی ہے
تغافل ہائے ساقی کا گلا کیا ؟

دلِ ہر قطرہ، ہے سازِ انا البحر
ہم اوس کے ہیں، ہمارا پوچھنا کیا ؟

مُحابا کیا ہے؟ میں ضامن، ادھر دیکھ
شہیدانِ نگہ کا خوں بہا کیا ؟

کیا کس نے جگر داری کا دعویٰ ؟
شکیبِ خاطرِ عاشق، بھلا کیا ؟ ۶۵

یہ قاتل وعدۂ صبر آزما کیوں ؟
یہ کافر فتنۂ طاقت رُبا کیا ؟

بلائے جاں ہے، غالب! اوس کی ہر بات
عبارت کیا، اِشارت کیا، ادا کیا !

(۱۷)

اے وائے! غفلتِ نگہِ شوق، ورنہ یہاں
ہر پارہ سنگ، لختِ دلِ کوہِ طور تھا

قاصد کو، اپنے ہاتھ سے گردن نہ ماریے
ہاں، اس معاملے میں تو میرا قصور تھا

آئینہ دیکھ، اپنا سا منہ لے کے رہ گئے
صاحب کو، دل نہ دینے پہ کتنا غرور تھا! ۷۰

(۱۸)

وہی اک بات ہے، جو یاں نفس، واں نکہتِ گل ہے
چمن کا جلوہ، باعث ہے، مری رنگیں نوائی کا

(۱۹)

لے تو لوں، سوتے میں اُس کے پاؤں کا بوسہ، مگر
ایسی باتوں سے، وہ کافر بدگماں ہوجائیگا
دل کو ہم صرفِ وفا سمجھے تھے، کیا معلوم تھا
یعنی یہ پہلے ہی نذرِ امتحاں ہوجائیگا
باغ میں مجھ کو نہ لے جا، ورنہ میرے حال پر
ہر گلِ تر، ایک چشمِ خونفشاں ہوجائیگا
سب کے دل میں، ہے جگہ تیری، جو تو راضی ہوا
مجھ پہ، گویا، ایک عالم مہرباں ہوجائیگا
وائے! اگر میرا ترا انصاف، محشر میں نہ ہو
اب تلک تو یہ توقع ہے کہ، واں ہوجائیگا

(۲۰)

غمِ فراق میں تکلیفِ سیرِ گل کم دو
مجھے، دماغ نہیں خندہ ہائے بیجا کا

ہنوز محرمیِ حُسن کو ترستا ہوں
کرے ہے، ہر بُنِ مُو، کام چشمِ بینا کا

(۲۱)

اعتبارِ عشق کی خانہ خرابی دیکھنا
غیر نے کی آہ، لیکن وہ خفا مجھ پر ہوا

(۲۲)

شرحِ اسبابِ گرفتاریِ خاطر، مت پوچھ
اس قدر تنگ ہوا دل کہ میں زنداں سمجھا ۸۰

ہم نے وحشتکدۂ بزمِ جہاں میں، جوں شمع
شعلۂ عشق کو اپنا سر و ساماں سمجھا

تھا گریزاں مژۂ یار سے، دل، تا دمِ مرگ
دفعِ پیکانِ قضا اس قدر آساں سمجھا

دل دیا، جان کے کیوں اس کو وفادار، اسدؔ!
غلطی کی کہ، جو کافر کو مسلماں سمجھا

(۲۳)

پھر مجھے دیدۂ تر یاد آیا
دل، جگر تشنۂ فریاد آیا

دم لیا تھا نہ قیامت نے ہنوز
پھر ترا وقتِ سفر یاد آیا ۸۵

پھر ترے کوچہ کو جاتا ہے خیال
دلِ گم گشتہ، مگر، یاد آیا

کوئی ویرانی سی ویرانی ہے!
دشت کو دیکھ کے گھر یاد آیا

(۲۴)

چھوڑا مہِ نخشب کی طرح، دستِ قضا نے
خورشید ہنوز اوس کے برابر نہ ہوا تھا

توفیق بہ اندازۂ ہمّت ہے، ازل سے
آنکھوں میں ہے وہ قطرہ کہ گوہر نہ ہوا تھا

میں سادہ دل، آزردگیِ یار سے خوش ہوں
یعنی، سبق شوق مکرّر نہ ہوا تھا

جب تک کہ نہ دیکھا تھا، قدِ یار کا عالم
میں معتقدِ فتنۂ محشر نہ ہوا تھا

دریاے معاصی تُنُک آبی سے، ہوا خشک
میرا سرِ دامن بھی، ابھی تر نہ ہوا تھا

(۲۵)

مشہدِ عاشق سے، کوسوں تک جو اُگتی ہے حنا
کس قدر، یا رب! ہلاکِ حسرتِ پابوس تھا

پوچھ مت بیماریِ غم کی فراغت کا بیاں!
جو کہ کھایا خونِ دل، بے منّتِ کیموس تھا

(۲۶)

۹۵

عرضِ نیازِ عشق کے قابل نہیں رہا
جس دل پہ ناز تھا مجھے، وہ دل نہیں رہا

جاتا ہوں داغِ حسرتِ ہستی لیے ہوئے
جوں شمعِ کشتہ، درخورِ محفل نہیں رہا

وا کر دیے ہیں شوق نے، بندِ نقابِ حسن
غیر از نگاہ، اب، کوئی حائل نہیں رہا

گو میں رہا رہینِ ستمہائے روزگار
لیکن ترے خیال سے غافل نہیں رہا

مرنے کی، اے دل! اور ہی تدبیر کر کہ، میں
شایانِ دست و بازوے قاتل نہیں رہا

۱۰۰

دل سے ہواے کشتِ وفا مٹ گئی کہ وہاں
حاصل، سواے حسرتِ حاصل، نہیں رہا

ہوں قطرہ زن، بمرحلہ یاسِ روز و شب
جز تارِ اشک، جادۂ منزل نہیں رہا

بیدادِ عشق سے نہیں ڈرتا ہوں، پر اسدؔ!
جس دل پہ ناز تھا مجھے، وہ دل نہیں رہا

❁

(۲۷)

رحمت اگر قبول کرے، کیا بعید ہے!
شرمندگی سے عذر نہ کرنا گناہ کا
مقتل کو کس نشاط سے جاتا ہوں میں کہ، ہے
پُرگُل، خیالِ زخم سے، دامن نگاہ کا

(۲۸)

رشک کہتا ہے کہ "اس کا غیر سے اخلاص حیف!" ۱۰۵
عقل کہتی ہے کہ "وہ بے مہر کس کا آشنا!"
ربطِ یک شیرازۂ وحشت ہیں اجزاے بہار
سبزہ بیگانہ، صبا آوارہ، گُل نا آشنا
شوق، ہے ساماں طرازِ نازشِ اربابِ عجز
ذرہ صحرا دستگاہ و قطرہ دریا آشنا
میں، اور ایک آفت کا ٹکڑا، وہ دلِ وحشی کہ ہے
عافیت کا دشمن، اور آوارگی کا آشنا

(۲۹)

عشرتِ قطرہ، ہے دریا میں فنا ہو جانا ۔ درد کا حد سے گذرنا ہے دوا ہو جانا
تجھ سے، قسمت میں مری، صورتِ قفلِ ابجد تھا لکھا، بات کے بنتے ہی جدا ہو جانا ۱۱۰

❁

اب جفا سے بھی ہیں محروم ہم اللہ اللہ!
اس قدر دشمنِ اربابِ وفا ہو جانا!

ضعف سے گریہ، مبدّل بدمِ سرد ہوا
باور آیا ہمیں، پانی کا ہوا ہو جانا

دل سے مٹنا تری انگشتِ حنائی کا خیال
ہو گیا گوشت سے ناخن کا جدا ہو جانا

(۳۰)

پوچھ مت، وجہ سیہ مستیِ اربابِ چمن
سایۂ تاک میں ہوتی ہے، ہوا موجِ شراب

جو ہوا غرقۂ مے، بختِ رسا رکھتا ہے
سر سے گزرے پہ بھی ہے بالِ ہما موجِ شراب

ہے یہ برسات وہ موسم کہ عجب کیا ہے، اگر
موجِ ہستی کو کرے فیضِ ہوا موجِ شراب

چار موج اٹھتی ہے، طوفانِ طرب سے، ہر سُو:
موجِ گل، موجِ شفق، موجِ صبا، موجِ شراب

جس قدر روحِ نباتی ہے جگر تشنۂ ناز
دے ہے تسکیں، بدمِ آبِ بقا، موجِ شراب

ایک عالم پہ ہیں طوفانیِ کیفیّتِ فصل
موجۂ سبزۂ نوخیز سے تا موجِ شراب

۱۱۵

شرحِ کیفیتِ مستی ہے، زہے، موسمِ گل!
رہبرِ قطرہ بہ دریا ہے، خوشا موجِ شراب! ۱۲۰

(۳۱)

جاتا ہوں جدھر، سب کی اوٹھے ہے اودھر انگشت
یکدست جہاں مجھ سے پھرا ہے، مگر انگشت
کافی ہے نشانی تیرا چھلّے کا نہ دینا
خالی مجھے دکھلا کے، بوقتِ سفر انگشت
خوں دل میں جو میرے نہیں باقی، تو پھر اوس کی
جوں ماہیِ بے آب تڑپتی ہے ہر انگشت
افسوس، کہ دنداں کا کیا رزق فلک نے
جن لوگوں کی تھی، درخورِ عقدِ گہر انگشت
لکھتا ہوں، اسد! سوزشِ دل سے سخنِ گرم ۱۲۵
تا رکھ نہ سکے کوئی، مرے حرف پر انگشت

(۳۲)

قیس بھاگا، شہر سے شرمندہ ہو کر، سوے دشت
بن گیا تقلید سے میری، یہ سودائی، عبث

(۴۳)

آتا ہے ایک پارۂ دل ہر فغاں کے ساتھ
تارِ نفَس، کمندِ شکارِ اثر ہے آج

اے عافیت! کنارہ کر، اے انتظام! چل
سیلابِ گریہ درپئے دیوار و دَر ہے، آج

معزولیِ تپش ہوئی، افراطِ انتظار
چشمِ کشودہ، حلقۂ بیرونِ دَر ہے آج

(۴۴)

حسن، غمزے کی کشاکش سے چھٹا میرے بعد
بارے، آرام سے ہیں اہلِ جفا میرے بعد

منصبِ شیفتگی کے، کوئی، قابل نہ رہا
ہوئی معزولیِ انداز و ادا میرے بعد

شمع بجھتی ہے، تو اوس میں سے دھواں اوٹھتا ہے
شعلۂ عشق سیہ پوش ہوا میرے بعد

آے ہے بیکسیِ عشق پہ رونا، غالب!
کس کے گھر جائیگا سیلابِ فنا، میرے بعد؟

(۳۵)

نہیں بندِ زلیخا بے تکلف ماہِ کنعاں پر
سفیدی دیدۂ یعقوب کی پھرتی ہے زنداں پر

۱۳۵

مجھے، اب دیکھ کر، ابرِ شفق آلودہ، یاد آیا
کہ فرقت میں تیری آتش برستی تھی گلستاں پر

اسدؔ! اے بے تحمّل عَربدہ بیجا ہے، ناصح سے
کہ آخر، بیکسوں کا زور چلتا ہے، گریباں پر

(۳۶)

فلک سے ہم کو عیشِ رفتہ کا کیا کیا تقاضا ہے
متاعِ بُردہ کو، سمجھے ہوئے ہیں قرض، رہزن پر

ہم، اور وہ بے سبب رنج آشنا دشمن کہ رکھتا ہے
شعاعِ مہر سے، تہمت نگہ کی چشمِ روزن پر

فنا کو سونپ، گر مشتاق ہے، اپنی حقیقت کا
فروغِ طالعِ خاشاک ہے موقوف، گلخن پر

(۳۷)

۱۴۰

فارغ مجھے نہ جان کہ، جوں صبح و آفتاب
ہے داغِ عشق زینتِ جیبِ کفن ہنوز

ہے نازِ مفلساں زرِ از دست رفتہ پر
ہوں گلفروشِ شوخیِ داغِ کہن ہنوز

(۳۸)

نہ گُلِ نغمہ ہوں، نہ پردۂ ساز
ہوں میں، اپنی شکست کی آواز

لافِ تمکیں، فریبِ سادہ دلی
ہم ہیں، اور رازہائے سینہ گداز

تو، اور آرایشِ خمِ کاکل
میں، اور اندیشہ ہائے دور دراز

(۳۹)

مند گئیں کھولتے ہی کھولتے، آنکھیں، اک بار
خوب وقت آئے تم، اِس عاشقِ بیمار کے پاس

میں بھی رک رک کے نہ مرتا، جو زباں کے بدلے
دشنہ اک تیز سا ہوتا مرے غمخوار کے پاس

دیکھ کر تجھ کو، چمن بسکہ نمو کرتا ہے
خود بخود، پہنچے ہے گل، گوشۂ دستار کے پاس

دہنِ شیر میں جا بیٹھیے، لیکن، اے دل!
نہ کھڑے ہوجیے، خوبانِ دل آزار کے پاس

مر گیا، پھوڑ کے سر، غالبِ وحشی، ہے ہے!
بیٹھنا اوس کا وہ، آکر، تری دیوار کے پاس

(۴۰)

نہ لیوے گر خسِ جوہر طراوت سبزۂ خط سے ۱۵۰
لگا وے خانۂ آئینہ میں روے نگار آتش
فروغِ حسن سے ہوتی ہے حلِّ مشکلِ عاشق
نہ نکلے شمع کے پا سے، نکالے گر نہ خار آتش

(۴۱)

رُخِ نگار سے، ہے سوزِ جاودانیِ شمع
ہوئی ہے آتشِ گل، آبِ زندگانیِ شمع
زبانِ اہلِ زباں میں، ہے مرگ، خاموشی
یہ بات بزم میں روشن ہوئی زبانیِ شمع
غم اس کو حسرتِ پروانہ کا ہے، اے شعلہ!
ترے لرزنے سے ظاہر ہے، ناتوانیِ شمع

(۴۲)

کون آیا، جو چمن بیتابِ استقبال ہے؟ ۱۵۵
جنبشِ موجِ صبا، ہے شوخیِ رفتارِ باغ
آتشِ رنگِ رخِ ہر گل کو بخشے ہے فروغ
ہے دمِ سردِ صبا سے، گرمیِ بازارِ باغ

(۴۳)

بیمِ رقیب سے نہیں کرتے وداعِ ہوش
مجبور یہاں تلک ہوئے، اے اختیار، حیف
تھے میرے ہی جلانے کو، اے آہِ شعلہ ریز
گھر پر پڑا نہ غیر کے، کوئی شرار، حیف!
ہیں، میری مشتِ خاک سے، اس کو کدورتیں
پائی جگہ بھی دل میں، تو ہو کر غبار، حیف!
جلتا ہے دل کہ کیوں نہ ہم اک بار جل گئے
اے ناتمامیِ نَفَسِ شعلہ بار، حیف!

(۴۴)

یاد ہیں، اے ہمنشیں! وہ دن کہ وجدِ ذوق میں
زخم سے گرتا، تو میں پلکوں سے چنتا تھا، نمک
داد دیتا ہے میرے زخمِ جگر کی، واہ واہ!
یاد کرتا ہے مجھے، دیکھے ہے وہ جس جا، نمک
چھوڑ کر جانا تنِ مجروحِ عاشق، حیف ہے!
دل طلب کرتا ہے زخم، اور مانگے ہیں اعضا، نمک

(۴۵)

دام، ہر موج میں، ہے حلقۂ صد کامِ نہنگ
دیکھیں، کیا گزرے ہے قطرہ پہ گہر ہوتے تک!

۱۶۵

ہم نے مانا کہ، تغافل نہ کروگے، لیکن
خاک ہوجائینگے ہم، تم کو خبر ہوتے تک

یک نظر بیش نہیں، فرصتِ ہستی، غافل!
گرمیِ بزم ہے، اک رقصِ شرر ہوتے تک

(۴۶)

گر تجھ کو ہے یقینِ اجابت، دعا نہ مانگ
یعنی، بغیرِ یک دلِ بے مدعا نہ مانگ

آتا ہے، داغِ حسرتِ دل کا شمار یاد
مجھ سے حسابِ بے گنہی، اے خدا! نہ مانگ

(۴۷)

ہے کس قدر ہلاکِ فریبِ ہوائے گل
بلبل کے کاروبار پہ ہیں خندہ ہائے گل

۱۷۰

خوشحال اوس حریفِ سیہ مست کا، ہے جو
رکھتا ہو، مثلِ سایۂ گل، سر بپائے گل

شرمندہ رکھتے ہیں مجھے بادِ بہار سے
مینائے بے شراب و دلِ بے ہوائے گل

(۴۸)

غم نہیں ہوتا ہے آزادوں کو بیش از یک نفَس
برق سے کرتے ہیں روشن، شمعِ ماتم خانہ ہم
باوجودِ یک جہاں ہنگامہ، پر موہوم ہیں
جوں چراغانِ شبستانِ دلِ پروانہ ہم
دائم الحبس اس میں ہیں، لاکھوں تمنائیں، اسد!
جانتے ہیں سینۂ پُرخوں کو زنداں خانہ ہم

(۴۹)

ہو گئے ہیں جمع، اجزائے نگاہِ آفتاب
ذرّے اوس کے گھر کی دیواروں کے روزن میں نہیں
ہو فشارِ ضعف میں کیا ناتوانی کی نمود!
قد کے جھکنے کی بھی گنجائش مرے تن میں نہیں
لے گئی ساقی کی نخوت، قُلزُم آشامی مری
موجِ مے کی آج، رگ، مینا کی گردن میں نہیں

١٧٥

(۵۰)

فرصتِ کاروبارِ شوق کسے! ذوقِ نظّارۂ جمال کہاں!
دل تو دل، وہ دماغ بھی نہ رہا شورِ سودائے خط و خال کہاں
تھی وہ خوباں ہی کے تصوّر سے اب، وہ رعنائیِ خیال کہاں
مضمحل ہو گئے قوا، غالبؔ! وہ عناصر میں اعتدال، کہاں!

(۵۱)

عہدے سے مدحِ ناز کے باہر نہ آسکا گر ایک ادا ہو تو اُسے اپنی قضا کہوں
ظالم میرے گماں سے مجھے منفعل نہ چاہ! ہے ہے، خدا نکردہ، تجھے بیوفا کہوں!
میں، اور صد ہزار نوائے جگر خراش تو، اور ایک وہ نشنیدن کہ، کیا کہوں
حلقے ہیں چشمہائے کشودہ بسُوئے دل ہر تارِ زلف کو نگہِ سُرمہ سا کہوں ۱۸۵

(۵۲)

قرض کی پیتے تھے مے، لیکن سمجھتے تھے کہ، ہاں
رنگ لاویگی ہماری فاقہ مستی، ایک دن
نغمہ ہائے غم کو بھی، اے دل! غنیمت جانیے
بے صدا ہو جائیگا، یہ سازِ ہستی ایک دن
دَھول دَھپہ اُوس سراپا ناز کا شیوہ نہیں
ہم ہی کر بیٹھے تھے، غالبؔ! پیشدستی ایک دن

(۵۳)

شوق اس دشت میں دوڑائے ہے مجھ کو، کہ جہاں
جادہ، غیر از نگہِ دیدۂ تصویر نہیں

رنجِ نومیدیِ جاوید! گوارا رہیو
خوش ہوں، گر نالہ زبونی کشِ تاثیر نہیں

۱۹۰

میر کے شعر کا احوال کہوں کیا، غالب!
جس کا دیوان کم از گلشنِ کشمیر نہیں

ریختے کا وہ ظہوری ہے، بقولِ ناسخ
"آپ بے بہرہ ہے، جو معتقدِ میر نہیں"

(۵۴)

عشق تاثیر سے نومید نہیں
جاں سپاری، شجرِ بید نہیں

ہے تجلی تیری، سامانِ وجود
ذرہ، بے پرتوِ خورشید نہیں

رازِ معشوق نہ رسوا ہو جائے
ورنہ مرجانے میں کچھ بھید نہیں

۱۹۵

گردشِ رنگِ طرب سے ڈر ہے
غمِ محرومیِ جاوید نہیں

کہتے ہیں جیتی ہے امید پہ خلق
ہم کو جینے کی بھی امید نہیں

مے کشی کو نہ سمجھ بے حاصل
بادہ، غالب! عرقِ بید نہیں

(۵۵)

ہے نزاکت، بسکہ فصلِ گل میں معمارِ چمن
قالبِ گل میں ڈھلی ہے خشتِ دیوارِ چمن
اُلفتِ گل سے غلط ہے، دعویٔ وارستگی
سرو ہے، باوصفِ آزادی گرفتارِ چمن

(۵۶)

ظاہر ہیں میری شکل سے افسوس کے نشاں
(خارِ الم سے، پشت بدنداں گزیدہ ہوں)
دیتا ہوں کشتگاں کو سخن سے سرِ تپش
مضرابِ تارہاے گلوے بُریدہ ہوں
ہوں، گرمیِ نشاطِ تصوّر سے، نغمہ سنج
میں عندلیبِ گلشنِ ناآفریدہ ہوں
سرپر میرے، وبالِ ہزار آرزو رہا
یارب! میں کس غریب کا بختِ رمیدہ ہوں؟

(۵۷)

وعدۂ سیرِ گلستاں ہے، خوشا طالعِ شوق!
مژدۂ قتل مقدّر ہے، جو مذکور نہیں

قطرہ اپنا بھی، حقیقت میں، ہے دریا، لیکن
ہم کو تقلیدِ تنک ظرفیِ منصور نہیں

حسرت، اے ذوقِ خرابی کہ، وہ طاقت نہ رہی
عشقِ پُر عربدہ کی گوں، تنِ رنجور نہیں

ظلم کر، ظلم، اگر لطف دریغ آتا ہو
تو تغافل سے، کسو رنگ میں معذور نہیں

صاف دُردی کشِ پیمانۂ جم ہیں، ہم لوگ
وائے، وہ بادہ کہ، افشردۂ انگور نہیں!

ہوں ظہوری کے مقابل میں خفائی، غالب!
میرے دعوے پہ یہ حجّت ہے کہ مشہور نہیں

۲۱۰

(۵۸)

نالہ جُز حسنِ طلب، اے ستم ایجاد، نہیں
ہے تقاضائے جفا، شکوۂ بیداد نہیں

عشق و مزدوریِ عشرت گہ خسرو، کیا خوب!
ہم کو تسلیم نکو نامیِ فرہاد نہیں

کم نہیں وہ بھی خرابی میں، پہ وسعت معلوم!
دشت میں ہے مجھے راحت وہ کہ گھر یاد نہیں

اہلِ بینش کو، ہے طوفانِ حوادث، مکتب
لطمۂ موج، کم از سیلیِ اوستاد، نہیں
وائے محرومیِ تسلیم و بدا حالِ وفا! ۲۱۵
جانتا ہے کہ ہمیں طاقتِ فریاد نہیں
کرتے کس منہ سے ہو، غربت کی شکایت، غالبؔ!
تم کو دل تنگیِ زندانِ وطن یاد نہیں؟

(۵۹)

ہوئی یہ بیخودیِ چشم و زباں کو، تیرے جلوے سے
کہ طوطی قفلِ زنگ آلودہ ہے آیینہ خانے میں
قیامت ہے کہ سُن لیلیٰ کا دشتِ قیس میں آنا
تعجب سے وہ بولا: "یوں بھی ہوتا ہے زمانے میں"
دلِ نازک پہ اوس کے رحم آتا ہے مجھے، غالبؔ
نہ کر سرگرم اوس کافر کو، الفت آزمانے میں

(۶۰)

پاؤں میں، جب وہ، حنا باندھتے ہیں | میرے ہاتھوں کو، جدا باندھتے ہیں ۲۲۰
آہ کا، کس نے، اثر دیکھا ہے؟ | ہم بھی اک اپنی ہوا باندھتے ہیں

قیدِ ہستی سے رہائی، معلوم! اشک کو بے سر و پا باندھتے ہیں
نشّۂ رنگ سے ہے، واشُدِ گل مست کب بندِ قبا باندھتے ہیں!
تیری فرصت کے مقابل، اے عمر! برق کو پا بہ حنا باندھتے ہیں
غلطیہاے مضامیں، مت پوچھ لوگ نالے کو رسا باندھتے ہیں ۲۲۵
کس کا دل زلف سے بھاگا کہ، اسدؔ!
دستِ شانہ بہ قفا باندھتے ہیں

(۶۱)

دیوانگی سے، دوش پہ، زُنّار بھی نہیں
یعنی، ہمارے جیب میں اک تار بھی نہیں
دل کو، نیازِ حسرتِ دیدار کر چکے
دیکھا، تو ہم میں طاقتِ دیدار بھی نہیں
گنجایشِ عداوتِ اغیار، یک طرف
یہاں دل میں ضعف سے، ہوسِ یار بھی نہیں
ڈر نالہ ہاے زار سے میرے، خدا کو مان ۲۳۰
آخر، نواے مرغِ گرفتار بھی نہیں
دل میں، ہے یار (کی) صفِ مژگاں سے، رُوکشی
حال آنکہ طاقتِ خلشِ خار بھی نہیں

اس سادگی پہ کون نہ مر جائے، اے خدا!
لڑتے ہیں، اور ہاتھ میں تلوار بھی نہیں

شوریدگی کے ہاتھ سے، ہے سر، وبالِ دوش
صحرا میں، اے خدا! کوئی دیوار بھی نہیں

دیکھا اسد کو خلوت و جلوت میں، بارہا
دیوانہ گر نہیں ہے، تو ہُشیار بھی نہیں

(۶۲)

ہزاروں دل دیئے جوشِ جنونِ عشق نے مجھ کو
سیہ ہو کر سُوَیدا ہو گیا، ہر قطرہ خوں تن میں

۲۳۵

ہوئی ہے، مانعِ شوقِ تماشا، خانہ ویرانی
کفِ سیلاب، باقی ہے، برنگِ پنبہ، روزن میں

نہ جانوں، نیک ہوں یا بد ہوں، پر صحبت مخالف ہے
جو گل ہوں، تو ہوں گلخن میں؛ جو خَس ہوں تو، ہوں گلشن میں

اسد! زندانیِ تاثیرِ اُلفت ہائے خوباں ہوں
خمِ دستِ نوازش، ہو گیا ہے طوق، گردن میں

(۶۳)

پُرسشِ طرزِ دلبری، کیجیے کیا کہ بِن کہے
اوس کے ہر ایک اشارے سے نکلے ہے یہ ادا کہ، یوں

کب مجھے کوے یار میں رہنے کی وضع یاد تھی!
آئینہ دار بن گئی حیرتِ نقشِ پا کہ، یوں

۲۴۰

میں نے کہا کہ "بزمِ ناز چاہیے غیر سے تہی"
سُن کر ستم ظریف نے مجھ کو اٹھا دیا کہ "یوں؟"

(۶۴)

چھوڑا نہ مجھ میں ضعف نے، رنگ اِختلاط کا
ہے دل پہ بار، نقشِ محبّت ہی کیوں نہ ہو!

ہے مجھ کو، تجھ سے تذکرۂ غیر کا گِلا
ہر چند، بر سبیلِ شکایت ہی کیوں نہ ہو!

ہے آدمی، بجاے خود، ایک محشرِ خیال
ہم انجمن سمجھتے ہیں خلوت ہی کیوں نہ ہو!

مٹتا ہے، فوتِ فرصتِ ہستی کا غم کوئی
عمرِ عزیز، صرفِ عبادت ہی کیوں نہ ہو!

۲۴۵

(٦٥)

وہاں پہنچ کر، جو غش آتا پئے، ہم ہے ہم کو
صد رہ آہنگِ زمیں بوسِ قدم ہے ہم کو

دل کو میں، اور مجھے دل، محوِ وفا رکھتا ہے
کس قدر ذوقِ گرفتاریِ ہم، ہے ہم کو!

ضعف سے، نقشِ پئے مور، ہے طوقِ گردن
تیرے کوچہ سے کہاں طاقتِ رم ہے ہم کو!

جان کر کیجے تغافل کہ، کچھ امید بھی ہو
یہ نگاہِ غلط انداز، تو سم ہے ہم کو

رشکِ ہم طرحی و دردِ اثرِ بانگ حزیں
نالۂ مرغِ سحر، تیغِ دو دم ہے ہم کو

۲۵۰

سر اوڑانے کے، جو وعدہ کو مکرّر چاہا
ہنس کے بولے کہ، "ترے سر کی قسم ہے ہم کو"

دل کے خوں کرنے کی کیا وجہ، ولیکن ناچار
پاسِ بے رونقیِ دیدہ، اہم ہے ہم کو

ابر روتا ہے کہ "بزمِ طرب آمادہ کرو"
برق ہنستی ہے کہ "فرصت کوئی دم ہے ہم کو"

تم وہ نازک کہ خموشی کو فغاں کہتے ہو
ہم وہ عاجز کہ تغافل بھی ستم ہے ہم کو

لکھنؤ آنے کا باعث نہیں کھلتا، یعنی
ہوسِ سیر و تماشا، سو وہ کم ہے ہم کو ۲۵۵

طاقتِ رنجِ سفر بھی نہیں پاتے، اتنی
ہجرِ یارانِ وطن کا بھی الم ہے ہم کو

مقطعِ سلسلۂ شوق نہیں ہے، یہ شہر
عزمِ سیرِ نجف و طوفِ حرم ہے ہم کو

لیے جاتی ہے کہیں، ایک توقع، غالب!
جادۂ رہ، کششِ کافِ کرم ہے ہم کو

(۶۶)

ہندوستان سایۂ گل پاے تخت تھا — جاہ و جلالِ عہدِ وصالِ بتاں نہ پوچھ

ہر داغِ تازہ، یک دلِ داغ انتظار ہے — عرضِ فضاے سینۂ درد امتحاں نہ پوچھ ۲۶۰

ناچار بیکسی کی بھی حسرت اٹھائیے — دشواریِ رہ و ستمِ ہمرہاں نہ پوچھ

کہتا تھا کل وہ محرمِ راز اپنے سے کہ "آہ!
دردِ جدائیِ اسد اللہ خاں نہ پوچھ"

(٦٧)

ہے سنگ پر، براتِ معاشِ جنونِ عشق
یعنی، ہنوز منّتِ طفلاں اوٹھائیے
دیوار، بارِ منّتِ مزدور سے، ہے خَم
اے خانماں خراب! نہ احساں اوٹھائیے
یا میرے زخمِ رشک کو رُسوا نہ کیجیے
یا پردۂ تبسّمِ پنہاں اوٹھائیے

(٦٨)

عاشق ہوئے ہیں آپ بھی، اور ایک شخص پر
آخر، ستم کی کچھ تو مکافات چاہیے!
دے داد، اے فلک! دلِ حسرت پرست کی
ہاں، کچھ نہ کچھ تلافیِ مافات چاہیے
سیکھے ہیں، مہ رخوں کے لیے، ہم مصوّری
تقریب، کچھ تو، بہرِ ملاقات چاہیے
مَے سے غرض نشاط، ہے کس رُو سیاہ کو!
ایک گونہ بیخودی، مجھے دن رات چاہیے
نشو(و) نما ہے اصل سے، غالب! فروع کو
خاموشی ہی سے نکلے ہے، جو بات چاہیے

ہے رنگِ لالہ و گل (و) نسریں جُدا جُدا
ہر رنگ میں، بہار کا اثبات چاہیے

سر، پائے خُم پہ کھینچیے، ہنگامِ بیخودی
رُو، سُوئے قبلہ وقتِ مناجات چاہیے

یعنی، بحسبِ گردشِ پیمانۂ صفات
عارف، ہمیشہ مستِ مےِ ذات چاہیے

(۶۹)

بساطِ عجز میں تھا ایک دل، یک قطرہ خوں وہ بھی
سو رہتا ہے، بہ اندازِ چکیدن، سرنگوں، وہ بھی

نہ کرتا کاش، نالہ مجھ کو کیا معلوم تھا، ہمدم!
کہ ہوگا باعثِ افزایشِ دردِ دروں، وہ بھی

خیالِ مرگ کب تسکیں دلِ آزردہ کو بخشے!
مرے دامِ تمنا میں، ہے ایک صیدِ زبوں وہ بھی

(۷۰)

کیا تنگ، ہم ستم زدگاں کا جہان ہے!
جس میں کہ ایک بیضۂ مور، آسمان ہے

ہے، بارے اعتمادِ وفاداری اس قدر
ہم بھی اسی میں خوش ہیں کہ نامہربان ہے

بیٹھا ہے جو کہ سایۂ دیوارِ یار میں
فرمانروائے کشورِ ہندوستان ہے

۲۸۰

کیا خوب! تم نے غیر کو بوسہ نہیں دیا؟
بس چپ رہو، ہمارے بھی منہ میں زبان ہے

(۷۱)

ہستی کے مت فریب میں آ جائیو، کہیں!
عالم تمام حلقۂ دامِ خیال ہے

ہے ہے، خدانخواستہ، وہ اور دُشمنی!
اے شوق! منفعل، یہ تجھے کیا خیال ہے؟

کس پردہ میں، ہے آئینہ پرداز؟ اے خدا!
رحمت کہ عذر خواہ لبِ بے سوال ہے

(۷۲)

کیا کروں، غمہائے پنہاں، لے گئے صبر و قرار
دُزد گر ہو خانگی، تو پاسباں معذور ہے

۲۸۵

آگ سے، پانی میں بجھتے وقت، اُٹھتی ہے صدا
ہر کوئی، درماندگی میں، نالہ سے مجبور ہے

۷۳

مجھ سے مت کہہ: "تو ہمیں کہتا تھا، اپنی زندگی"
زندگی سے بھی، مرا جی، ان دنوں بیزار ہے
آنکھ کی تصویر سرنامے پہ کھینچی ہے، کہ تا
تجھ پہ کھل جاوے کہ، یہاں تک حسرتِ دیدار ہے
ایک جا حرفِ وفا لکھا تھا، سو بھی مٹ گیا
ظاہراً کاغذ ترے خط کا، غلط بردار ہے

۷۴

خزاں کیا؟ فصلِ گُل کہتے ہیں کس کو؟ کوئی موسم ہو!
وہی ہم ہیں، قفس ہے، اور ماتم بال و پر کا ہے

۲۹۰

وفائے دلبراں، ہے اتفاقی، ورنہ، اے ہمدم!
اثر، فریادِ دلہائے حزیں کا، کس نے دیکھا ہے؟
بہجومِ ریزشِ خوں کے سبب، رنگ اڑ نہیں سکتا
حنائے پنجۂ صیّاد مرغِ رشتہ بر پا ہے

۷۵

بیدادِ انتظار کی طاقت نہ لا سکی — اے جانِ برلب آمدہ! بیتاب ہو گئی؟
غالبؔ! از بسکہ سوکھ گئے چشم میں سرشک — آنسو کی بوند، گوہرِ نایاب ہو گئی

۷۶

عشق مجھ کو نہیں، وحشت ہی سہی — میری وحشت، تری شہرت ہی سہی
قطع کیجے نہ تعلق ہم سے — کچھ نہیں ہے، تو عداوت ہی سہی ۲۹۵
کچھ تو دے، اے فلکِ ناانصاف! — آہ و فریاد کی رخصت ہی سہی
ہم کوئی ترکِ وفا کرتے ہیں! — نہ سہی عشق، مصیبت ہی سہی
ہم بھی تسلیم کی خُو ڈالیں گے — بے نیازی تری عادت ہی سہی
چھیڑ خوباں سے چلی جائے، اسدؔ! — گر نہیں وصل، تو حسرت ہی سہی

۷۷

مینائے مے ہے سروِ نشاطِ بہار سے ۳۰۰
بالِ تدرو، جلوۂ موجِ شراب ہے
زخمی ہوا ہے، پاشنہ پائے ثبات کا
نے بھاگنے کی گوں، نہ اِقامت کی تاب ہے
میں نامراد، دل کی تسلّی کو کیا کروں؛
مانا کہ تیرے رُخ سے نگہ کامیاب ہے

گزرا اسدؔ! مسرتِ پیغامِ یار سے
قاصد پہ مجھ کو رشکِ سوال و جواب ہے

(۷۸)

ہے آرمیدگی میں نکوہش بجا مجھے
صبحِ وطن، ہے خندۂ دنداں نما مجھے
کرتا ہے، بسکہ باغ میں تو، بیحجابیاں
آنے لگی ہے نکہتِ گل سے حیا مجھے ۳۰۵
کُھلتا کسی پہ کیوں، مرے دِل کا معاملہ!
شعروں کے انتخاب نے رسوا کیا مجھے

(۷۹)

دیکھنا تقریر کی لذّت کہ، جو اوس نے کہا
میں نے یہ جانا کہ، گویا یہ بھی میرے دل میں ہے
گرچہ ہے کس کس برائی سے، ولے با ایں ہمہ
ذکر میرا مجھ سے بہتر ہے کہ، اوس محفل میں ہے
بس ہجومِ ناامیدی! خاک میں مل جائیگی
یہ جو ایک لذّت ہماری سعیِ بیحاصل میں ہے

(۸۰)

کروں بیدادِ ذوقِ پَر فشانی عرض، کیا قدرت! ۳۱۰
کہ طاقت اوڑگئی، اوڑنے سے پہلے میرے شہپر کی

کہاں تک روؤں، اوس کے خیمہ کے پیچھے، قیامت ہے!
میری قسمت میں، یارب! کیا نہ تھی دیوار پتھر کی؟

(۸۱)

پھر، کچھ اک، دل کو، بیقراری ہے — سینہ جویائے زخم کاری ہے
پھر، جگر کھودنے لگا ناخن — آمدِ فصلِ لالہ کاری ہے
قبلۂ مقصدِ نگاہِ نیاز — پھر، وہی پردۂ عماری ہے
چشم، دلّالِ جنسِ رسوائی — دل، خریدارِ ذوقِ خواری ہے ۳۱۵
وہی، صد رنگ نالہ فرسائی — وہی، صد گونہ اشکباری ہے
دل، ہوائے خرامِ ناز سے، پھر — محشرستانِ بیقراری ہے
جلوہ، پھر عرضِ ناز کرتا ہے — روز بازارِ جاں سپاری ہے
پھر، اوسی بیوفا پہ مرتے ہیں — پھر، وہی زندگی ہماری ہے
پھر، کھلا ہے درِ عدالتِ ناز ق — گرم، بازارِ فوجداری ہے ۳۲۰
ہو رہا ہے، جہان میں، اندھیر — زلف کی، پھر سررشتہ داری ہے
پھر، دیا پارۂ جگر نے سوال — ایک فریاد و آہ و زاری ہے
پھر، ہوئے ہیں گواہِ عشق طلب — اشکباری کا حکم جاری ہے

بیخودی بے سبب نہیں، غالب!
کچھ تو ہے، جس کی پردہ داری ہے

(۸۲)

پنہاں تھا، دام سخت قریب آشیان کے
اوڑنے نہ پائے تھے کہ گرفتار ہم ہوئے

نالے، عدم میں، چند ہمارے سپرد تھے
جو وہاں نہ کھچ سکے، سو وہ یہاں آکے دم ہوئے

لکھتے رہے جنوں کی حکایاتِ خونچکاں
ہر چند، اس میں ہاتھ ہمارے قلم ہوئے

اللہ رے! تیری تندیِ خُو، جس کے بیم سے
اجزائے نالہ، دل میں میرے، رزقِ ہم ہوئے

(۸۳)

رحم کر، ظالم! کہ کیا بُودِ چراغِ کشتہ ہے!
نبضِ بیمارِ وفا، دُودِ چراغِ کشتہ ہے

دل لگی کی آرزو، بیچین رکھتی ہے ہمیں
ورنہ یہاں بیرونقی، سُودِ چراغِ کشتہ ہے

ہو جہاں تیرا دماغِ ناز، مستِ بیخودی
خوابِ نازِ گُلرخاں، دُودِ چراغِ کشتہ ہے

(۸۴)

ق

اے تازہ واردانِ بساطِ ہوائے دل!
زنہار، اگر تمھیں ہوسِ نائے و نوش ہے

دیکھو مجھے، جو دیدۂ عبرت نگاہ ہو
میری سنو، جو گوشِ نصیحت نیوش ہے

ساقی بجلوہ، دشمنِ ایمان و آگہی
مطرب بہ نغمہ، رہزنِ تمکین و ہوش ہے

یا شب کو دیکھتے تھے کہ، ہر گوشۂ بساط
دامانِ باغبان و کفِ گُل فروش ہے

لطفِ خرامِ ساقی و ذوقِ صدائے چنگ
یہ جنّتِ نگاہ، وہ فردوسِ گوش ہے

یا صبحدم جو دیکھیے آکر، تو بزم میں
نہ وہ سرور و شور، نہ جوش و خروش ہے

داغِ فراقِ صحبتِ شب کی جلی ہوئی
اک شمع رہ گئی ہے، سو وہ بھی خموش ہے

۳۳۵

(۸۵)

آ کہ میری جان کو قرار نہیں ہے طاقتِ بیدادِ انتظار نہیں ہے

دیتے ہیں جنت، حیاتِ دہر کے بدلے — نشہ بہ اندازۂ خمار نہیں ہے ۳۴۰

گریہ نکالے ہے، تیری بزم سے مجھ کو — ہائے کہ، رونے پہ اختیار نہیں ہے

ہم سے عبث، ہے گمانِ رنجشِ خاطر — خاک میں عُشاق کی غبار نہیں ہے

دل سے اوٹھا لُطفِ جلوہ ہائے معانی — غیرِ گل، آیینہ بہار نہیں ہے

قتل کا میرے کیا ہے عہد تو، بارے — وائے اگر عہد استوار نہیں ہے!

تو نے قسم میکشی کی کھائی ہے، غالب! ۳۴۵

تیری قسم کا کچھ اعتبار نہیں ہے

(۸۶)

بہا ہے یہاں تک اشکوں میں، غبارِ کُلفتِ خاطر

کہ چشمِ تر میں، ہر یک پارۂ دل، پائے در گل ہے

رفوئے زخم سے مطلب، ہے لذّت زخمِ سوزن کی

سمجھیو مت کہ پاسِ درد سے دیوانہ غافل ہے

وہ گُل جس گلستاں میں جلوہ فرمائی کرے، غالب!

چٹکنا غنچۂ گُل کا، صدائے خندۂ دل ہے

(۸۷)

پا بدامن ہو رہا ہوں بسکہ میں صحرانورد

خارِ پا، ہیں جوہر آیینۂ زانو مجھے

۳۵۰ دیکھنا حالت میرے دل کی کہ، ہم آغوشی کے وقت
ہے نگاہِ آشنا، تیرا سرِ ہر مُو، مجھے
ہوں سراپا سازِ آہنگِ شکایت، کچھ نہ پوچھ
ہے یہی بہتر کہ، لوگوں میں نہ چھیڑے تو مجھے

(۸۸)

مے پرستاں! خُمِ مے منہ سے لگا لو یعنی
ایک دن گر نہ ہوا بزم میں ساقی، نہ سہی
نَفَسِ قیس کہ، ہے چشم و چراغِ صحرا
گر نہیں شمعِ سیہ خانۂ لیلیٰ، نہ سہی
ایک ہنگامہ پہ موقوف ہے گھر کی رونق
نوحۂ غم ہی سہی، نغمۂ شادی نہ سہی
۳۵۵ نہ ستایش کی تمنا، نہ صلے کی پروا
گر نہیں ہے مرے اشعار میں معنی، نہ سہی
عشرتِ صحبتِ خوباں ہی غنیمت سمجھو
نہ ہوئی، غالبؔ! اگر عمرِ طبیعی، نہ سہی

(۸۹)

غمِ زمانہ نے جھاڑی، نشاطِ عشق کی مستی
وگرنہ ہم بھی اوٹھاتے تھے، لذّتِ الم آگے

دل و جگر میں پَرافشاں جو ایک موجۂ خوں ہے
ہم اپنے زعم میں سمجھے ہوئے تھے، اس کو دم آگے

خدا کے واسطے، داد اس جنونِ شوق کی دینا
کہ اوس کے در پہ پہنچتے ہیں، نامہ بر سے، ہم آگے

قسم جنازے پہ آنے کی (میرے) کھاتے ہیں، غالب!
ہمیشہ کھاتے تھے، جو میری جان کی قسم آگے

۳۶

(۹۰)

کب وہ سنتا ہے کہانی میری! اور، پھر وہ بھی، زبانی میری!

خلشِ غمزۂ خونریز نہ پوچھ دیکھ خونابہ فشانی میری

کیا بیاں کر کے میرا روئینگے یار! مگر آشفتہ بیانی میری

ہوں ز خود رفتۂ بیداے خیال بھول جانا ہے نشانی میری

متقابل، ہے مقابل میرا رک گیا، دیکھ، روانی میری

۳۶۵

گرد بادِ رہِ بیتابی ہوں صرصرِ شوق، ہے بانی میری

قدرِ سنگِ سرِ رہ رکھتا ہوں سخت ارزاں ہے گرانی میری

دہن اوس کا جو نہ معلوم ہوا
کھل گئی ہیچ مدانی میری

کر دیا ضعف نے عاجز، غالبؔ!
ننگِ پیری، ہے جوانی میری

(۹۱)

۳۷۰

تو وہ بدخو کہ، تحیّر کو تماشا جانے
دل وہ افسانہ کہ، آشفتہ بیانی مانگے

نقشِ نازِ بتِ طنّاز بہ آغوشِ رقیب
پائے طاؤس، پئے خامۂ مانی مانگے

(۹۲)

اچھا ہے سر انگشتِ حنائی کا تصوّر
دل میں نظر آتی تو ہے، ایک بوند لہو کی

کیوں ڈرتے ہو عشّاق کی بے حوصلگی سے؟
صاحب! کوئی سنتا نہیں فریادِ کسو کی

ق

صد حیف! وہ ناکام کہ اک عمر سے، غالبؔ!
حسرت میں رہے، ایک بتِ عربدہ جو کی

دشنے نے کبھی منہ نہ لگایا ہو جگر کو ۳۷۵
خنجر نے کبھی بات نہ پوچھی ہو گلو کی

(۹۳)

اوس لب سے مل ہی جائیگا بوسہ کبھی تو، ہاں
شوقِ فضول و جراتِ رندانہ چاہیے

ہے، وصل، ہجر، عالمِ تمکین و ضبط میں
معشوقِ شوخ و عاشقِ دیوانہ چاہیے

جادو ہے یار کی روشِ گفتگو، اسدؔ!
یہاں جز فسوں نہیں، اگر افسانہ چاہیے

(۹۴)

صحبتِ رنداں سے واجب ہے حذر — جاے مے اپنے کو کھینچا چاہیے

دوستی کا پردہ، ہے بیگانگی — منہ چُھپانا ہم سے چھوڑا چاہیے ۳۸۰

چاک مت کر جیب، بے ایامِ گل — کچھ اودھر کا بھی اشارا چاہیے

اپنی، رسوائی میں کب چلتی ہے، سعی! — یار ہی ہنگامہ آرا چاہیے

منحصر مرنے پہ ہو جس کی اُمید
نا اُمیدی اوس کی دیکھا چاہیے

(۹۵)

ہر قدم، دوریِ منزل ہے نمایاں مجھ سے
میری رفتار سے، بھاگے ہے بیاباں مجھ سے

وحشتِ آتشِ دل سے، شبِ تنہائی میں ۳۸۵
دُود کی طرح، رہا سایہ گریزاں مجھ سے

اثرِ آبلہ کرتا ہے بیاباں روشن
جادہ، جوں رشتۂ گوہر، ہے چراغاں مجھ سے

نگہِ گرم سے ایک آگ ٹپکتی ہے، اسدؔ!
ہے چراغاں خس و خاشاکِ گلستاں، مجھ سے

(۹۶)

توڑ بیٹھے جب کہ ہم جام و سبو، پھر ہم کو کیا!
آسماں سے بادۂ گلفام گر برسا کرے

(۹۷)

کرے ہے قتل، لگاوٹ میں تیرا رو دینا
تیری طرح کوئی تیغِ نگہ کو آب تو دے

پلا دے اوک سے ساقی! جو ہم سے نفرت ہے ۳۹۰
پیالہ گر نہیں دیتا، نہ دے، شراب تو دے

(۹۸)

تپش سے میری، وقفِ کشمکش، ہر تارِ بستر ہے
میرا سر رنجِ بالیں ہے، میرا تن بارِ بستر ہے
بطوفان گاہِ جوشِ اضطرارِ شامِ تنہائی
شعاعِ آفتابِ صبحِ محشر تارِ بستر ہے

(۹۹)

نہ پوچھ نسخۂ مرہم، جراحتِ دل کا
کہ اوس میں ریزۂ الماس جزوِ اعظم ہے
بہت دنوں میں، تغافل نے تیرے پیدا کی
وہ اک نگہ کہ، بظاہر نگاہ سے کم ہے

(۱۰۰)

کیوں نہ ہو، چشمِ بتاں محوِ تغافل، کیوں نہ ہو؛
یعنی اس بیمار کو نظارہ سے پرہیز ہے
مرتے مرتے، دیکھنے کی آرزو رہ جائے گی
وائے ناکامی کہ اوس کافر کا خنجر تیز ہے

(۱۰۱)

گل، سر بسر اشارۂ جیبِ دریدہ ہے
نازِ بہار، جز بہ تقاضا نہ کھینچیے

۲۹۵

(۱۰۲)

بن گیا تیغِ نگاہِ یار کا سنگِ فساں
مرحبا میں! کیا مبارک ہے گراں جانی مجھے!

وعدہ آنے کا وفا کیجے، یہ کیا انداز ہے؟
تم نے کیوں سونپی ہے، میرے گھر کی دربانی مجھے؟

وائے، واں بھی شورِ محشر نے نہ دم لینے دیا!
لے گیا تھا گور میں، ذوقِ تن آسانی مجھے

۴۰۰

میرے غمخانے کی قسمت، جب رقم ہونے لگی
لکھ دیا منجملۂ اسبابِ ویرانی، مجھے

کیوں نہ ہو بے التفاتی، اوس کی خاطر جمع ہے
جانتا ہے صیدِ پرسش ہائے پنہانی، مجھے

ہاں، نشاطِ آمدِ فصلِ بہاری، واہ، واہ!
پھر ہوا ہے تازہ، سودائے غزلخوانی مجھے

(۱۰۳)

خدایا! جذبۂ دل کی مگر تاثیر اولٹی ہے!
کہ جتنا کھینچتا ہوں، اور کھچتا جائے ہے مجھ سے

اودھر وہ بدگمانی ہے، اِدھر یہ ناتوانی ہے
نہ پوچھا جائے ہے اوس سے، نہ بولا جائے ہے مجھ سے

۴۰۵

قیامت ہے کہ ہووے مدعی کا ہمسفر غالبؔ!
وہ کافر، جو خدا کو بھی نہ سونپا جائے ہے مجھ سے

(۱۰۴)

رونے سے، اور عشق میں بیباک ہو گئے
دھوئے گئے ہم، اتنے کہ بس پاک ہو گئے

رسوائے دہر گو ہوئے، آوارگی سے، تم
بارے، طبیعتوں کے تو چالاک ہو گئے

کہتا ہے کون، نالۂ بلبل کو بے اثر؟
پردہ میں گل کے، لاکھ جگر چاک ہو گئے

پوچھے ہے کیا، وجود و عدم اہلِ شوق کا؟
آپ اپنے شعلہ کے خس و خاشاک ہو گئے

کرنے گئے تھے اوس سے تغافل کا، ہم گلا
کی ایک ہی نگاہ کہ بس خاک ہو گئے

صرفِ بہائے مے ہوئے، آلاتِ مے کشی
تھے یہ ہی دو حساب، سو یوں پاک ہو گئے

اس رنگ سے اوٹھائی کل، اوس نے اسدؔ کی نعش
دشمن بھی جس کو دیکھ کے غمناک ہو گئے

(۱۰۵)

نشہ ہا شادابِ رنگ و ساز ہا مستِ طرب — شیشۂ مے سروِ سبزِ جوئبارِ نغمہ ہے
ہمنشیں! مت کہہ کہ "برہم کر نہ بزمِ عیشِ یار" — واں تو، میرے نالے کو بھی، اعتبارِ نغمہ ہے ۴۱۵

(۱۰۶)

عرضِ نازِ شوخیِ دنداں برائے خندہ ہے
دعویِ جمعیتِ احباب، جائے خندہ ہے
ہے عدم میں غنچہ محوِ عبرتِ انجامِ گل
یک جہاں زانو تامل، در قفائے خندہ ہے
سوزشِ باطن کے، ہیں احباب منکر، ورنہ یہاں
دل، محیطِ گریہ و لب، آشنائے خندہ ہے

(۱۰۷)

رونے سے، اے ندیم! ملامت نہ کر مجھے
آخر کبھی تو عقدۂ دل وا کرے کوئی!
چاکِ جگر سے، جب رہِ پرسش نہ وا ہوئی
کیا فائدہ کہ، جیب کو رسوا کرے کوئی؟ ۴۲۰
ناکامیِ نگاہ، ہے برقِ نظارہ سوز
تو وہ نہیں کہ، تجھ کو تماشا کرے کوئی

بیکاریِ جنوں کو، ہے سر پیٹنے کا شغل
جب ہاتھ ٹوٹ جائیں تو پھر کیا کرے کوئی؟

(۱۰۸)

کمالِ حسن، اگر موقوفِ اندازِ تغافل ہو تکلف برطرف تجھ سے تری تصویر بہتر ہے

(۱۰۹)

باغ، پاکر خفقانی، یہ ڈراتا ہے مجھے
سایۂ شاخِ گل، افعی نظر آتا ہے مجھے

(۱۱۰)

لبِ عیسیٰ کی جنبش، کرتی ہے گہوارہ جنبانی
قیامت، کشتۂ لعلِ بتاں کا خوابِ سنگیں ہے

(۱۱۱)

پیچ آپڑی ہے، وعدۂ دلدار کی، مجھے
وہ آوے یا نہ آوے، پہ یہاں انتظار ہے
اے عندلیب! یک کفِ خس، بہرِ آشیاں
طوفانِ آمد آمدِ فصلِ بہار ہے
حیراں ہوں، شوخیِ رگِ یاقوت دیکھ کر
یہاں ہے کہ صحبتِ خس و آتش برار ہے

دل مدّعی ہے، دیدہ بنا مدّعیٰ علیہ
نظّارہ کا مقدمہ پھر روبکار ہے

(۱۱۲)

۴۲۰

ہوں میں بھی، تماشائیِ نیرنگِ تمنّا
مطلب نہیں کچھ اس سے کہ مطلب ہی بر آوے

(۱۱۳)

غالبؔ بُرا نہ مان، جو واعظ بُرا کہے
ایسا بھی کوئی ہے کہ سب اچھا کہیں جسے؟

(۱۱۴)

غم آغوشِ بلا میں پرورش دیتا ہے، عاشق کو
چراغِ روشن اپنا، قُلزمِ صرصر کا مَرجاں ہے
دل و دیں نقد لا، ساقی سے گر سودا کیا چاہے
کہ اس بازار میں ساغر، متاعِ دستگرداں ہے

(۱۱۵)

شعلہ سے نہ ہوتی، ہوسِ شعلہ نے جو کی
جی کس قدر افسردگیِ دل پہ جلا ہے!

تمثال میں تیری، ہے وہ شوخی کہ بصد ذوق
آئینہ بہ اندازِ گل، آغوش کشا ہے

قمری کفِ خاکستر و بلبل قفسِ رنگ
جز نالہ، نشانِ جگرِ سوختہ کیا ہے؟

خو نے تیری، افسردہ کیا، وحشتِ دل کو
معشوقی و بے حوصلگی، طرفہ بلا ہے!

ناکردہ گناہوں کی بھی حسرت کی، ملے داد
یارب! اگر ان کردہ گناہوں کی سزا ہے!

(۱۱۶)

مدت ہوئی ہے، یار کو مہماں کیے ہوئے
جوشِ قدح سے بزم چراغاں کیے ہوئے

کرتا ہوں جمع، پھر، جگرِ لخت لخت کو
عرصہ ہوا ہے، دعوتِ مژگاں کیے ہوئے

پھر، گرمِ نالہ ہائے شرر بار، ہے نفس
مدت ہوئی ہے سیرِ چراغاں کیے ہوئے

پھر، وضعِ احتیاط سے رکنے لگا ہے، دم
برسوں ہوئے ہیں، چاک گریباں کیے ہوئے

پھر، پرسشِ جراحتِ دل کو، چلا ہے عشق
سامانِ صد ہزار نمکداں کیے ہوئے

پھر، بھر رہا ہوں، خامۂ مژگاں، بخونِ دل
سازِ چمن طرازیِ داماں کیے ہوئے

۴۴۵ باہم دگر ہوئے ہیں، دل و دیدہ، پھر رقیب
نظارہ و خیال کا ساماں کیے ہوئے

دل، پھر طوافِ کوئے ملامت کو جائے ہے
پندار کا صنم کدہ، ویراں کیے ہوئے

پھر شوق کر رہا ہے خریدار کی طلب
عرضِ متاعِ عقل و دل و جاں کیے ہوئے

دوڑے ہے، پھر ہر ایک گل و لالہ پر خیال
صد گلستاں نگاہ کا ساماں کیے ہوئے

پھر چاہتا ہوں نامۂ دلدار کھولنا
جاں نذرِ دل فریبیِ عنواں کیے ہوئے

۴۵۰ ڈھونڈے ہے، پھر، کسو کو مقابل میں آرزو
سرمے سے تیز، دشنۂ مژگاں کیے ہوئے

مانگے ہے، پھر، کسُو کو لبِ بام پر ہوس
زلفِ سیاہ رخ پہ، پریشاں کیے ہوئے

ایک نوبہارِ ناز کو تاکے ہے، پھر، نگاہ
چہرہ فروغِ مے سے گلستاں کیے ہوئے

جی ڈھونڈھتا ہے، پھر، وہی فرصت کہ، رات دن
بیٹھے رہیں، تصوّرِ جاناں کیے ہوئے

پھر، دل میں ہے کہ، در پہ کسُو کے پڑے رہیں
سر، زیرِ بارِ منّتِ درباں کیے ہوئے

غالبؔ! ہمیں نہ چھیڑ کہ، پھر، جوشِ اشک سے!
بیٹھے ہیں ہم، تہیّۂ طوفاں کیے ہوئے

۲۵۵

انتخابِ فارسی

سلسلہ جنبانیِ درِ دوم این رنگین چمن موسوم بہ گُلِ رعنا
درعرضِ مذاقِ زبانِ پارسی کہ صہبای حریف افگن است
و بادۂ مرد آزما۔ ازانجا کہ ہنوز ایں گہرہای شاہوار برشتہ
نمطِ حروفِ تہجی نکشیدہ ام و ایں اوراقِ پراگندہ را
شیرازۂ جمعیتِ تدوین نبستہ فرو ہیدہ فرہنگانِ بخردی
پیشہ و سنجیدہ آہنگانِ موزونی اندیشہ خُردہ بر بیربطیِ تحریر
نگیرند و عذرِ تنگ سرمایگانِ فطرت و بیدماغانِ عالمِ
فرصت بپزیرند۔

(۱)

قصیدہ

در مدحِ صاحب والا مناقب عالیشان فیض بخشِ فیض رسان جناب مستطاب مستر اندرو استرلنگ بہادر دام اقبالہ

فغان کہ نیست سر و برگِ دامن افشانی — بہ بندِ خویش فرو ماندہ ام ز عریانی
فغان کہ ریخت تمنای بستر و بالیں — خسک بہ پیرہنِ لذتِ تن آسانی
فغان کہ نامۂ شوقم بچار سوی قبول — نبرد راہ بجائی ز ہرزہ عنوانی
فغان ز عمر کہ در سنگلاخِ زندگیم — بزیرِ کوہ بود دامن از گرانجانی

فغان، ز غفلتِ دریوزه زندگی کامروز — بیادِ هر نفسی می کشم پشیمانی ۵

فغان که، سوخت غمِ دهرم آنچنان کاینک — ز هم، بریزم اگر، بکرهم بجنبانی

فغان که، داد ندادی و وقتِ آن آمد — که خاکِ گور سرم را کند گریبانی

فغان، ز بختِ مخالف که زورقِ صبرم — بچار موجِ بلا گشته است طوفانی

فغان که، گدیه خورِ داورانِ عهد رود — به بیشِ همچو خودی بهرِ کاسه گردانی

فغان که، در عملِ صاحبانِ عالیشان — کشم جفای فلانی و جورِ بهمانی ۱۰

بمن نماند ز هستی نشان که، باخته‌ام — نَفَس زَخوفِ عدو چون نگاهِ قربانی

کنون ز سطوتِ اعدا شکنجه، بیم است — دلی که بود طربگاهِ روحِ حیوانی

برنگِ موجِ دخانی که خیزد از سرِ شمع — همی پرد ز دماغم، قوای نفسانی

نه پای آنکه برآیم، ازین گرفتاری — نه جای آنکه بمانم درین پریشانی

به دادِ من که رسد کاندرین بساط مرا — گلو فشرده (و) خون کرده اند پنهانی ۱۵

مگر تلافیِ آزارِ من کند روزی — بمقتضای خداترسی و خدادانی

بقای عیش و نشاطِ زمانه را ضامن — بنای بارگهِ عدل و داد را بانی

بهارِ روضهٔ آفاق مستر استرلنگ — کز دستِ گلبنِ انصاف در گل افشانی

نظامِ عالم و آدم که در جریدهٔ دهر — صحیح کرده قوانینِ معدلت رانی

اگرچه سنجر و کسریٰ و خسروانِ دگر — فگنده اند در آفاق شورِ سلطانی ۲۰

توان بقاعدۂ قصر بالمبالغہ گفت | کہ اوست مخترعِ شیوۂ جہانبانی
خوشا لطافتِ اندازۂ ادا فہمی! | زہی نزاکتِ اندازِ مدعادانی!
کہ شد ببزمِ نگاہش کہ او بدید و نخواند | غمِ درونِ وی از سطرِ چینِ پیشانی
زہی مربیِ بیمایگان کہ از فیضش | سراب کردہ محیطی و قطرہ طوفانی
ز خاکِ درگہِ او ذرہ ذرہ ہر طرفی | بہ آفتاب طرف گشتہ در درخشانی ۲۵
بقای عشرتِ او را چمن دعاگو یست | ز قطرہ قطرۂ شبنم بسبحہ گردانی
بہار باد فروشیست بزمِ جاہش را | بصد زبانِ رگِ گل در آفرین خوانی
حضورِ مدح رخ از من نہفت می ترسم | کہ غیب افگندم در طلسمِ حیرانی
مگر سری کہ فرو بردہ ام بدلقِ خیال | بر آورم ز گریبان مطلعِ ثانی

زہے کریم کہ دستت بگوہر افشانی ۳۰
بگاہِ عرض گرو بردہ ز ابرِ نیسانی

نفس ز خوی تو گلدستہ بندِ رنگینی | نگہ ز روی تو آئینہ دارِ حیرانی
لبِ تو زندہ کنِ معجزِ مسیحائی | رخِ تو جلوہ دہِ شوکتِ سلیمانی
بصفحہ از خمِ تیغِ تو گر کشد نقشی | چو خامہ شق شود از بیم پیکرِ مانی
فلک بدرگہِ جاہِ تو معتکف پیریست | ز روز و شب بکفش سبحۂ سلیمانی
بہ گردِ سمِ سمندِ تو نسبتی دارد | سرود کہ ناز کند سرمۂ صفاہانی ۳۵

سپهر بارگها! روزگار مرتبتا!
که از تو یافته، جنسِ کرم فراوانی

براوجِ قصرِ جلالت، به نیمه ره نرسد
خیالِ انوری و سعیِ فکرِ خاقانی

چو من شکسته دلِ بینوای هیچدان
چگونه دم زند، از دعویِ ثناخوانی

گدایم و بتمنای داد آمده ام
بدرگهی که بود قیصرش بدربانی

نه مُلک خواهم (و) نی مال، اینقدر خواهم
که گردِ غم، ز رُخِ بختِ من بیفشانی ۳۰

مرا دلیست، ز دردِ شکستگی لبریز
نه آرزوی امیری، نه حسرتِ خانی

ز بست سال فزون میرود که میسوزد
نَفَس چو رشته، شمعم، ببزمِ حیرانی

کجاست جیب که چاکی درو توانم زد
مگر جگر بدریدن دهم، ز عریانی

ز اهلِ دهر، درین روزگارِ بیدردی
بعیدِ عشرتِ خویشم نموده قربانی

سیاه مست، ندارد ز کس محابائی
شمرده خونِ دلم را، رحیقِ ریحانی ۳۵

شرر به پیرهنِ جا(ن)، فشانده جانگزاشت
که شعله سرکشد، از داغهای پنهانی

چنان بحلقهٔ دامم کشیده تنگ که من
ز عجزِ بال فرو ماندم از پرافشانی

غریب نیست، بدردِ دلم رسیدن ها
نه مدعی عربی و نه من خراسانی

بدادگاه رسیدم، چنان که دانستم
برس بدادِ غریبان، چنانکه میدانی

بود توقعِ آنم که، دادِ ناکامی
دهی دهر چه بمن داده اند، بدهانی ۴۰

بعجز کوش که غالب! طریقهٔ ادبست
نگاه داشتنِ اندازهٔ سخن رانی

خوش است، اگر ز نسیمِ دعا بگلشنِ صدق
نهالِ جلوهٔ آمین کند گل افشانی
همیشه تا که بود سایه تیره و تاریک
مُدام تا که بود مهر را درخشانی
چو سایه، روزِ عدوی تو، باد ظلمت ناک
چو مهر، جبههٔ بختِ تو، باد نورانی

(۲)

ساقیِ بزمِ آگهی روزی
راوقی ریخت در پیالهٔ من ۵۵
چوں دماغم رسید زان صهبا
شدم از ترکتازِ وهم ایمن
همدرانِ بیخودیِ حریفانه
بی محابا گرفتمش دامن
گفتم: "ای محرمِ سرای سرور!
از ادب دور نیست پرسیدن"
"اول، از دعویِ وجود، بگو!"
گفت: "کفر است، در طریقتِ من"
گفتم: "آخر، نمودِ اشیا چیست؟"
گفت: "ہی ہی! نمیتوان گفتن" ۶۰
گفتمش: "با مخالفان چکنم؟"
گفت: "طرحِ بنای صلح فگن"
گفتمش: "حبِ جاه و منصب چیست؟"
گفت: "دامِ فریبِ اهرمن"
گفتمش: "چیست منشاءِ سفرم؟"
گفت: "جور و جفای اهلِ وطن"
گفتم: "ایدون بگو که، دہلی چیست؟"
گفت: "جانست و این جهانش تن"

گفتمش: "چیست این بنارس؟" گفت: "شاہدِ مست، محوِ گل چیدن" ٦٥

گفتمش: "سلسبیل خوش باشد!" گفت: "خوشتر نباشد از سوہن"

گفتمش: "چہ بود این عظیم آباد؟" گفت: "رنگین تر از ہزار چمن"

حالِ کلکتہ باز جُستم، گفت: "باید اقلیمِ ہشتمش گفتن"

گفتم: "آدم بہم رسد در وَے؟" گفت: "از ہر دیار و از ہر فن"

گفتم: "این جا چہ کار باید کرد؟" گفت: "قطعِ نظر ز شعر و سخن" ٧٠

گفتم: "این جا چہ شغل سُود دہد؟" گفت: "از ہر کہ ہست، تریدن"

گفتم: "این ماہ پیکران چہ کنند؟" گفت: "خوبانِ کشورِ لندن"

گفتم: "اینان مگر دلے دارند؟" گفت: "دارند، لیکن از آہن"

گفتم: "از بہرِ داد آمدہ ام" گفت: "بگریز و سر بسنگ مزن"

گفتم: "اکنون مرا چہ زیبد؟" گفت: "آستین، بر دو عالم، افشاندن" ٧٥

گفتمش: "باز گو طریقِ نجات" گفت: "غالب! بہ کربلا رفتن"

(۳)

نہ چنانم کہ، دانہ نابستہ مزرعِ خویش وقفِ داس کنم

نہ چنانم کہ، گندم و جَو را داغ از حسرتِ خراس کنم

نچنانم که از نصیحت و وعظ | عالمی را خداشناس کنم

نچنانم که بر عقیدهٔ خویش | از فسون کسی هراس کنم ۸۰

نه که اخبار باستانی را | دیو افسانها قیاس کنم

نه که ز آثار هر چه مشهور است | اثری تازه اقتباس کنم

نه که در عالم فراخ روی | عار از ژندهٔ پلاس کنم

نه که از بهر حلّه های بهشت | ترک اَلوان این لباس کنم

نه ز امیدهای بیهوده | کاخ دل را قوی اساس کنم ۸۵

نه بطوفان ناامیدیها | خانمان نذر سیل یاس کنم

نچنان در هوس شلاینم | که به هر مدّعا مکاس کنم

نچنان بزدلم که در ره سعی | جاده را اژدها قیاس کنم

چون نه من ساقیم، نه محتسبم | نه بریزم، نه مَی بکاس کنم

شیوهٔ من همه میانه رَوی است | راست گویم، چرا هراس کنم ۹۰

فصلی از مدح خود توانم خواند | گر نه لب را ز لاف پاس کنم

خوشنوایم، مرا رسد که ز رشک | زهر در جام بُو نُواس کنم

میتوان پنجه از نظامی برد | پارهٔ جمع گر حواس کنم

همچو سَرو از غم خزان برهد | گلبنی را که من بباس کنم

کوثر از موج واکند آغوش | اگر آهنگِ ارتماس کنم ۹۵
مہرِ اوجِ سخن علی حزیں | ایں دو بیت از وے اقتباس کنم
"لائقِ مدح در زمانہ چو نیست | خویشتن را ہمی سپاس کنم"
"کس زبانِ مرا نمی فہمد | بعزیزان چہ التماس کنم"

(۴)

مثنوی

نَفَس با صُور دمساز است امروز | خموشی محشرِ راز است امروز
رگِ سنگم، شراری مینویسم | کفِ خاکم، غباری مینویسم ۱۰۰
دل، از شورِ شکایتہا، بجوشست | حبابِ بینوا، طوفان خروشست
بلب، دارم ضمیرِ آلا بیانی | بدل، خونِ جگر پالا فغانی
پریشان تر ز خویشم داستانیست | بدعوئ ہر سرِ مُویم زبانیست
شکایت گونۂ دارم ز احباب | کتانِ خویش میشویم بمہتاب
نَفَس ابریشمِ سازِ فغان است | بسانِ نَی تبم در استخوانست ۱۰۵
در آتش، از نوای سازِ خویشم | کبابِ شعلۂ آوازِ خویشم
محیط افگندہ بیرون گوہرم را | چو گرد افشردہ آہن جوہرم را
ز دہلی تا برون آوردہ بختم | بطوفانِ تغافل دادہ رختم

کس، از اہلِ وطن، غمخوارِ من نیست — مرا در دہر، پنداری، وطن نیست

گرفتم کز جہان آباد رفتم — عزیزان را چرا از یاد رفتم ۱۱۰

مگو، داغِ فراقِ انجمن سوخت — غمِ بیمہریِ اہلِ وطن سوخت

سپس در لالہ زارے جا توان کرد — وطن را داغِ استغنا توان کرد

